AIOU

# پراسپیکٹس

بہار 2017ء

میٹرک

انٹرمیڈیٹ

بی اے/بی کام

درس نظامی

ایسوی ایٹ ڈگری ان کامرس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

www.aiou.edu.pk

Help Line: (051) 111-112-468

# پراسپیکٹس

## سمسٹر: بہار/خزاں 2017ء

داخلے سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں سمسٹرز بالترتیب فروری اور اگست میں ہوتے ہیں اور ہر سمسٹر میں داخلہ فارم مع فیس بروقت جمع کروانا طالب علم کی ذمہ داری ہے۔

- ☆ سیکنڈری (میٹرک)
- ☆ اللسان العربی سرٹیفکیٹ کورس
- ☆ عربی بول چال سرٹیفکیٹ کورس
- ☆ لغت القرآن سرٹیفکیٹ کورس
- ☆ ہائر سیکنڈری (انٹرمیڈیٹ)
- ☆ بیچلر ڈگری (گریجویشن)
- ☆ درس نظامی (میٹرک، انٹرمیڈیٹ، گریجویشن)
- ☆ پیشہ ورانہ سرٹیفکیٹ کورسز (لائبریرین شپ، زرعی اور ٹیکنیکل کورسز)

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

قیمت: 50/- روپے

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)

پراسپیکٹس برائے سیکنڈری، ہائر سیکنڈری، بیچلر ڈگری، درس نظامی پروگرام اور سرٹیفکیٹ کورسز

تعداد اشاعت ........................................................ 2,50,000 + 300

کمپوزنگ ........................................................ طارق محمود بٹ، محمد جاوید

قیمت ........................................................ -/50 روپے

طابع ........................................................ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنٹنگ پریس

ناشر ........................................................ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# داخلہ فارم پُر کرنے سے پیشتر مندرجہ ذیل ہدایات پڑھنا لازم ہیں

1- داخلہ فارم پر اپنے گروپ کا نام لازمی لکھیں۔

2- کسی بھی پروگرام میں پہلی بار داخلہ لیتے وقت کورسز فیس کے ہمراہ داخلہ فیس جمع کروانا لازم ہے جبکہ رجسٹریشن فیس صرف پہلی مرتبہ یونیورسٹی میں داخلہ لیتے وقت جمع کروانا ہوتی ہے۔

3- (الف) داخلہ فارم کے ہمراہ بورڈ سے جاری شدہ اسناد/ مارکس شیٹ جس میں پاس شدہ مضامین کی تفصیل درج ہو، شناختی کارڈ، ڈومیسائل کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک کرنا لازم ہے۔ وگرنہ داخلہ ممکن نہ ہوگا۔ انٹرنیٹ کا پرنٹ قابل قبول نہیں ہوگا۔

(ب) یونیورسٹی ہذا سے سیکنڈری/ ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ مکمل کرنے والے طلباء و طالبات پروویژنل سرٹیفکیٹ یا سند کی مصدقہ نقول لف کریں۔ (رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔)

4- فیس بنک میں جمع کروانے سے پہلے اس بات کی تسلی کر لیں کہ فیس متعلقہ پروگرام/ کورسز کے حساب سے جمع کروا رہے ہیں کیونکہ فیس کم ہونے کی صورت میں آپ کا داخلہ نہیں ہوگا۔

5- **مقررہ مدت میں پروگرام مکمل کرنے کے لیے لازم ہے کہ طلباء و طالبات ہر سمسٹر (فروری، اگست) کا داخلہ فارم بمع فیس یونیورسٹی کے نامزد بینکوں میں جمع کروائیں۔ تمام جاری طلباء و طالبات (Continuing Students) کو کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم ہر سمسٹر شروع ہونے سے پہلے ارسال کئے جاتے ہیں اگر کسی وجہ سے طالب علم کو داخلہ فارم موصول نہیں ہوتا تو وہ یونیورسٹی یا اس کے کسی بھی علاقائی دفتر سے جاری طلبہ کا داخلہ فارم حاصل کرنے کے علاوہ انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے داخلہ فیس کے ہمراہ بینک میں جمع کرا سکتا ہے۔**

6- کسی بھی لحاظ سے نامکمل (مثلاً کم فیس، غیر تصدیق شدہ/ غیر واضح اسناد، نامکمل معلومات) داخلہ فارم قابل قبول نہیں ہوگا اور سمسٹر کے اختتام پر فارم میں کمی کی نشاندہی بذریعہ خط/ Website دی جائے گی۔ البتہ اعتراضات دور کرنے کی صورت میں آئندہ سمسٹر میں داخلہ ممکن ہوگا۔

7- **طلباء و طالبات کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنا پتہ برائے خط و کتابت واضح طور پر تحریر کریں۔ کسی کی معرفت پتہ تحریر کرنے یا پوسٹ بکس نمبر پر یونیورسٹی داخلہ نہ دینے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔**

8- داخلہ فارم کے ہمراہ داخلہ فیس مروجہ طریقہ کار کے مطابق مقرر کردہ بینکوں کی شاخوں میں جمع کروانا لازم ہے۔ داخلہ فیس بذریعہ بینک ڈرافٹ/ منی آرڈر قابل قبول نہ ہے۔

9- **داخلہ اور کتب نہ ملنے کی صورت میں طلبہ اپنے داخلہ فارم اور ادا شدہ فیس کی فوٹو کاپی کے ہمراہ بہار سمسٹر کے لیے 15 جون اور خزاں سمسٹر کے لیے 15 دسمبر تک شعبہ داخلہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد رجوع کرنے پر یونیورسٹی جاری سمسٹر میں داخلہ دینے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔**

10- **اپنی کتب ایڈریس لیبل پر درج شدہ کوڈ نمبر کے مطابق چیک کریں اور کمی بیشی کی صورت میں شعبہ ترسیل سے فوری طور پر رابطہ کریں۔ یاد رہے کہ کورس کی تبدیلی مقررہ فیس (میٹرک/ ایف۔ اے -/100 روپے اور بی اے -/250 روپے فی کورس) کی ادائیگی کے ہمراہ پہلی مشق کی آخری تاریخ سے قبل ہی ممکن ہے۔**

11- یونیورسٹی نے اپنے تدریسی دورانیے کو چھ ماہ کی مدت میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر چھ ماہ کے عرصہ کو سمسٹر کہتے ہیں جس کے دوران طالب علم پڑھتے ہیں، امتحانی مشقیں حل کرتے ہیں، امتحان کی تیاری کرتے ہیں اور امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔

12- داخلہ کے لیے مطلوبہ اسناد جعلی ثابت ہونے کی صورت میں نہ صرف داخلہ منسوخ ہوگا بلکہ طالب علم کی ادا شدہ فیس بھی ضبط کر لی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

13- ایک وقت میں دو مختلف پروگراموں میں داخلہ نہیں لیا جا سکتا۔ ایسی صورت میں یونیورسٹی قواعد کے مطابق نئے پروگرام کا داخلہ منسوخ اور فیس بھی ضبط کرنے کی مجاز ہوگی۔

14- کسی قسم کی ترمیم/ داخلے کی منسوخی کے لیے درخواست کے ساتھ طالب علم/ طالبہ کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

15- ٹیوٹر کی تعیناتی میں تاخیر کی صورت میں اپنے قریبی علاقائی مرکز یا ناظم علاقائی خدمات، اسلام آباد سے رابطہ کریں۔

16- آگاہ رہیں کہ کسی نجی ادارے یا فرد کو اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ یونیورسٹی کی طرف سے داخلہ فارم یا فیس وصول کریں۔ داخلہ فارم صرف نامزد بینک میں فیس کے ساتھ بذات خود جمع کروائیں۔ فیس یا فارم میں بدعنوانی کی صورت میں یونیورسٹی اس کی ذمہ دار نہ ہوگی اور طالب علم کے خلاف تادیبی کارروائی بھی کی جا سکتی ہے۔

# یاد رکھیں!

1- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے داخلے سال میں دو مرتبہ ہوتے ہیں:

☆ **سمسٹر بہار کے داخلے ماہ فروری میں ہوتے ہیں** **جب کہ** ☆ **سمسٹر خزاں کے داخلے ماہ اگست میں ہوتے ہیں۔**

2- اگر آپ سمسٹر بہار (فروری) میں پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر خزاں کی داخلہ فیس (اگست) میں جمع کروانا ہوگی۔

3- اگر آپ سمسٹر خزاں (اگست) میں پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر بہار کی داخلہ فیس (فروری) میں جمع کروانا ہوگی۔

4- ایک سمسٹر میں دو کریڈٹ کورسز سے زیادہ داخلہ نہیں لیا جا سکتا۔

4- کسی بھی سمسٹر میں داخل طلبہ کو جاری طلبہ **(Continuing Student)** کہا جاتا ہے۔ان جاری طلبہ **(Continuing Student)** کو اگلے سمسٹر کے لیے کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم بذریعہ ڈاک بھجوائے جاتے ہیں جو کہ مجوزہ فیس کے ساتھ مقررہ تاریخوں کے دوران منظور شدہ بنکوں میں جمع کروانا ہوتے ہیں۔

5- اگر کسی طالب علم کو کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم نہ ملے تو یونیورسٹی کی ویب سائٹ **(www.aiou.edu.pk)** سے جاری طلبہ کا داخلہ فارم ڈاؤن لوڈ کر کے اُوپر دیئے گئے مہینوں کے دوران طریقہ کار کے مطابق فیس اور داخلہ فارم بنک میں جمع کروائیں۔ بصورت دیگر یونیورسٹی داخلہ کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

## سمسٹر شیڈول

| نمبر شمار | سرگرمی | سمسٹر بہار | سمسٹر خزاں |
|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ | فروری - مارچ | اگست - ستمبر |
| 2 | ترسیل کتب | مئی - جون | نومبر - دسمبر |
| 3 | مطالعہ کی مدت | جون - ستمبر | دسمبر - مارچ |
| 4 | امتحانات | نومبر - دسمبر | مئی - جون |
| 5 | نتائج | جنوری - فروری | جولائی - اگست |

**نوٹ:** شیڈول کی مقرر کردہ تاریخوں کی معلومات کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk ملاحظہ کریں۔

# اسے ضرور پڑھیے

اگر آپ جاری طلباء و طالبات ہیں اور آپ کو جاری طلبہ کا داخلہ فارم موصول نہیں ہوا تو کسی بھی ریجنل سنٹر سے جاری طلبہ کا فارم حاصل کرنے کے علاوہ نیٹ سے ڈاؤن لوڈ کریں اور مقررہ تاریخ کے اندر داخلہ فارم بینک میں جمع کرا دیں اور اس فارم پر اپنا رول نمبر/ رجسٹریشن نمبر ضرور تحریر کریں۔

# ضروری تاکید

اگر آپ کی رجسٹریشن علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کسی بھی پروگرام میں پہلے ہو چکی ہے تو دوبارہ رجسٹریشن نہ کروائیں وہ پہلے والا رجسٹریشن نمبر درج کریں وگرنہ آپ کا داخلہ منسوخ ہوسکتا ہے۔

# پروگراموں کا ایک جائزہ (بیچلر سطح تک)

| پروگرام | اہلیتِ داخلہ | دورانیہ | مقررہ کریڈٹ | ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| سکینڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) | مڈل پاس | چار سمسٹر | آٹھ | |
| سکینڈری سکول سرٹیفکیٹ میٹرک درسِ نظامی (ثانویہ عامہ) | دینی مدارس کے طلبہ | چار سمسٹر | آٹھ | - |
| ہائر سکینڈری سکول سرٹیفکیٹ (ایف اے) | میٹرک پاس | چار سمسٹر | آٹھ | |
| آئی کام | میٹرک پاس | چار سمسٹر | آٹھ | - |
| ہائر سکینڈری سکول سرٹیفکیٹ<br>ایف اے درسِ نظامی (ثانویہ خاصہ) | میٹرک درسِ نظامی A I O U یا<br>میٹرک ثانویہ عامہ کے ساتھ | چار سمسٹر | آٹھ | - |
| بیچلر (جنرل) | ایف اے/ایف ایس سی یا مساوی | چار سمسٹر | آٹھ | - |
| بی کام | ایف اے/ایف ایس سی یا مساوی | چار سمسٹر | آٹھ | مع انٹرنشپ 3 ماہ آخری سمسٹر میں |
| ایسوسی ایٹ ڈگری آف کامرس | ایف اے/ایف ایس سی یا مساوی | چار سمسٹر | اکیاون | - |
| لائبریری سائنس گروپ و ابلاغِ عامہ گروپ | ایف اے/ایف ایس سی یا مساوی | چار سمسٹر | آٹھ | - |
| بی اے درسِ نظامی (الشہادۃ العالیۃ) | ایف اے درسِ نظامی AIOU یا<br>ایف اے ثانویہ خاصہ کے ساتھ | چار سمسٹر | آٹھ | - |
| سرٹیفکیٹ اِن لائبریرین شپ | ایف اے/ ایف ایس سی | ایک سمسٹر | دو | - |

# فہرست


| | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| — | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف | 08 |
| — | پیغام | 09 |
| 1۔ | **میٹرک پروگرام کا تعارف، شرائط، معلومات وہدایات** | 11 |
| | 1.1۔ سیکنڈری سکول سرٹیفیکیٹ (جنرل گروپ) | 12 |
| | 1.2۔ سیکنڈری سکول سرٹیفیکیٹ (درس نظامی گروپ) | 13 |
| 2۔ | **انٹرمیڈیٹ پروگرام کا تعارف، شرائط، معلومات وہدایات** | 14 |
| | 2.1۔ انٹرمیڈیٹ (جنرل گروپ/ آئی کام گروپ) | 15 |
| | 2.2۔ انٹرمیڈیٹ (درس نظامی گروپ) | 18 |
| 3۔ | **بیچلر پروگرام** | 19 |
| | 3.1۔ (ایسوسی ایٹ ڈگری آف کامرس) | 19 |
| | 3.2۔ (بی کام) | 23 |
| | 3.3۔ (BLIS، ابلاغ عامہ، جنرل/درس نظامی گروپ) | 24 |

| | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 4۔ | **سرٹیفکیٹ کورسز** | 30 |
| | 4.1۔ اللسان العربی سرٹیفکیٹ کورس | 30 |
| | 4.2۔ لُغت القرآن سرٹیفکیٹ کورس | 30 |
| 5۔ | **پیشہ وارانہ سرٹیفکیٹ کورسز** | 31 |
| | 5.1۔ سرٹیفکیٹ ان لائبریرین شپ | 31 |
| | 5.2۔ گھریلو مصنوعات کی فروخت | 31 |
| | 5.3۔ زرعی کورسز | 31 |
| | 5.4۔ ٹیکنیکل کورسز | 32 |
| 6۔ | طریقہ تعلیم کے اہم اجزاء | 32 |
| 7۔ | **معلوماتِ فیس** | 34 |
| | 7.1 فیس اور داخلہ جمع کرانے کا طریقہ کار | 34 |
| 8۔ | اہم معلومات۔ | 35 |
| 9۔ | معلومات حاصل کرنے کے لیے اہم فون نمبرز اور پتے | 38 |
| 10۔ | ریجنل کوآرڈینیٹر کے پتے | 39 |

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی (جس کا مین کیمپس اسلام آباد میں ہے) کا شمار اس وقت دنیا کی چارمیگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے، 1974ء میں پارلیمنٹ کے ایکٹ (XXXIX) کے تحت قائم ہوئی۔ اُس وقت یہ دنیا کی دوسری اور ایشیا اور افریقہ کی پہلی اوپن یونیورسٹی تھی مگر اب دنیا میں فاصلاتی نظام تعلیم پر مبنی 60 سے زائد یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔

پاکستان میں اوپن یونیورسٹی کے قیام کا بنیادی مقصد فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے ان لوگوں کو جو بوجوہ رسمی تعلیم سے استفادہ نہیں کر سکے یا جن کا سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا تھا، ان کے گھروں کی دہلیز پر تعلیمی سہولیات مہیا کرنا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، وطن عزیز کے دیہاتوں قصبوں اور دورافتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، ان سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن سرانجام دے رہی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی غیر رسمی طریقہ تعلیم کے ذریعے مختلف تعلیمی پروگرام پورے ملک میں عام کر کے قومی یونیورسٹی کی صورت میں اُبھری ہے۔ فاصلاتی نظام تعلیم روایتی اور رسمی نظام تعلیم کے برعکس متنوع بھی ہے اور ہمہ گیر بھی۔ طلبہ اس کے ذریعے میّسر وقت میں سہولت کے ساتھ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ انہیں طبع شدہ کورسز اور مجوزہ کتب کے علاوہ ٹیوٹوریل، گروہی سرگرمیاں اور دوسری ملٹی میڈیا سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بنیادی تعلیم سے لے کے پی ایچ ڈی کی سطح تک کے پروگرام پیش کر رہی ہے۔ یونیورسٹی کے تدریسی اور انتظامی کام کی مناسب اور موزوں ترویج و اشاعت کے لیے ملک کے مختلف مقامات پر 44 سے زائد علاقائی دفاتر بھی کام کر رہے ہیں نیز طلبہ کی رہنمائی کے لیے مختلف شہروں میں رابطہ دفاتر بھی قائم کئے گئے ہیں۔ یونیورسٹی نے ملک بھر میں مطالعاتی مراکز قائم کیے ہیں جہاں فاصلاتی نظام تعلیم کے طلبہ اپنے ٹیوٹرز سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی نے کل وقتی مطالعاتی مراکز بھی قائم کیے ہیں جہاں پر ایم بی اے (آئی ٹی)، بینکنگ اینڈ فنانس، بی ایس (سی ایس) اور ایم ایس کے طلبہ کو بالمشافہ تعلیمی رہنمائی مہیا کی جاتی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور اس کے جملہ علاقائی دفاتر تعلیمی سال کے دوران نصابی اور تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور مختلف نوعیت کی علمی، ادبی اور قومی تقریبات کے انعقاد کا اہتمام کرتے ہیں جن میں ہمارے طلبہ و اساتذہ کے ساتھ ساتھ علاقے کے معزز و سرکردہ اراکین اور صاحبان علم و دانش شرکت کرتے ہیں۔

اوپن یونیورسٹی سمسٹر سسٹم کے مطابق کام کر رہی ہے۔ طلبہ کا داخلہ سال میں دو بار سمسٹر خزاں اور سمسٹر بہار میں ہوتا ہے۔ انڈر گریجویٹ طلبہ کے لیے دونوں سمسٹر میں داخلے ہوتے ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ سطح پر داخلہ سال میں ایک بار ہوتا ہے۔ طلبہ کو یونیورسٹی کی اپنی تیار کردہ کتابیں بھجوائی جاتی ہیں، ان کتابوں کے ہمراہ تقویتی مواد بھی بھجوایا جاتا ہے اور آڈیو کیسٹس (Cassettes) بھی۔ اکثر کورسز میں ریڈیو اور ٹی وی پروگرامز کے ذریعے بھی تعلیمی اور تدریسی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ طلبہ کی رہنمائی کے لیے ملک بھر سے جز وقتی ٹیوٹرز کی خدمات بھی حاصل کی جاتی ہیں نیز ہر طالب علم کو مراسلت اور ٹیوٹوریل میٹنگ کے ذریعے بھی تدریسی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

یونیورسٹی کے سائنس کے طلبہ کے لئے ''یونیورسٹی سائنس کمپلیکس'' کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں سائنس کے تمام ڈسپلنز کے ریسرچ اسکالرز کے لئے بین الاقوامی معیار کی حامل جدید سائنسی تجربہ گاہوں کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی مرکزی لائبریری اور سٹوڈنٹس ہوسٹل میں انٹرنیٹ لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے تاکہ یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ اپنی علمی و تحقیقی کاوشوں کو جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کر سکیں۔



# پیغام

## پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ایک فاصلاتی یونیورسٹی ہے جس کا دائرہ کار محدود ہے نہ مخصوص۔ اس کی حدیں پاکستان کی سرحدوں سے ملتی ہیں۔ اس کی تعلیمی سہولتیں ملک گیر ہیں اور یہ اپنے تدریسی فلسفے یعنی ''تعلیم لوگوں کی دہلیز پر'' کے مطابق ایک باشعور اور باعلم پاکستان کی تشکیل کے عمل میں بھرپور حصہ ڈالنے کے ساتھ ساتھ تعلیمی پسماندگی کو دور کرنے کے سلسلے میں بھی اپنی منزل کی طرف کامیابی سے گامزن ہے۔

# 1- میٹرک پروگرام

## سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) پروگرام

میٹرک کی سطح پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی دو عمومی گروپس پیش کر رہی ہے۔

1۔ جنرل گروپ    2۔ درس نظامی گروپ۔

## شرائط داخلہ (میٹرک جنرل اور درس نظامی)

(i) (میٹرک) سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ پروگرام میں داخلے کے لیے امیدوار کو مڈل پاس/نویں پاس یا فیل یا میٹرک فیل کے رزلٹ کارڈز کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا لازمی ہے جو گورنمنٹ سکول/منظور شدہ سکول یا بورڈ کی طرف سے حاصل کیا گیا ہو۔

(ii) پرائیویٹ سکول سے مڈل پاس ہونے کی صورت میں سرٹیفکیٹ پر سکول کا رجسٹریشن نمبر ہونا ضروری ہے یا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سے تصدیق کروائیں اور سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ کاپی داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔

(iii) غیر مسلم طلباء وطالبات کے لیے اسلامیات لازمی کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔

(iv) داخلے کے لیے امیدوار کی عمر کم سے کم 13 سال ہونی چاہیے۔

(v) مدارس کے ثانویہ عامہ کے طالبِ علم اپنے مدارس کے توسط سے سیکنڈری (ثانویہ عامہ) میں داخلہ لے سکتے ہیں اگر کوئی مدرسہ نامزد نہیں کرتا تو طالبِ علم اپنے طور پر داخلہ فارم بھیج سکتے ہیں میٹرک درس نظامی پروگرام میں مڈل کے سرٹیفکیٹ کے بغیر بھی داخلہ لیا جا سکتا ہے۔

(vi) صرف ثانویہ عامہ/ فاضل عربی/ اردو وغیرہ کے حامل امیدواران کے لیے انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین IBCC کا جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) داخلہ فارم کے ہمراہ منسلک کرنا لازم ہے بصورت دیگر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔

(vii) درس نظامی میں داخلہ لیتے وقت فارم کے ساتھ 'ب' فارم کی فوٹو کاپی لگانا لازمی ہے۔

(viii) داخلہ فارم کے ساتھ تصویر چسپاں کریں۔ تصویر کے بغیر داخلہ فارم قابلِ قبول نہیں ہوگا۔

**نوٹ:** داخلہ فارم پُر کرتے وقت طلباء وطالبات اپنے مڈل سرٹیفکیٹ کے مطابق نام/ ولدیت/ تاریخ پیدائش کا صحیح اندراج کریں۔ نامکمل فارم پر داخلہ نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ فارم پر مکمل پتہ کا اندراج کریں۔

## معلومات وہدایات برائے میٹرک جنرل اور درس نظامی

(i) مدت پروگرام دو سال (**چار سمسٹر**) ہے داخلہ سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں بالترتیب جنوری اور اگست میں کیا جاتا ہے۔

(ii) طالبِ علم ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ دو مکمل یا چار نصف یا ایک مکمل دو نصف کورسز میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ دو نصف کورس ایک مکمل کورس کے برابر ہیں۔

(iii) حصولِ سرٹیفکیٹ کے لیے **8** مکمل کورس پاس کرنا ضروری ہیں میٹرک جنرل گروپ کے پہلے تین سمسٹر کے تمام مضامین لازمی ہیں جبکہ چوتھے سمسٹر میں تمام مضامین اختیاری ہیں۔

(iv) ایک مکمل کورس **18** یونٹوں پر جبکہ نصف کورس **9** یونٹوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

(v) داخلہ ہو جانے کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

(vi) درسِ نظامی گروپ کے طلبہ کے لیے دینی مدارس میں جو نصاب پڑھایا جاتا ہے ان میں بعض مضامین کا یونیورسٹی اپنے طریقہ کار کے مطابق امتحان لے گی اور جو مضامین نہیں پڑھائے جاتے لیکن ان کی ضرورت اور افادیت مسلم ہے، وہ فاصلاتی طریقہ تدریس کے ذریعے پڑھائے جائیں گے۔

(vii) یونیورسٹی دینی مدارس کے طالبِ علموں کو دینی مدارس میں پڑھائے جانے والے مضامین کی کتابیں نہیں بھیجے گی البتہ ہر کورس کی امتحانی مشقیں ارسال کی جائیں گی اور ہر کورس کے لیے ٹیوٹر مقرر کیے جائیں گے جو امتحانی مشقیں جانچیں گے۔

(viii) طالبِ علم/ والد کے نام میں غلطی کی صورت میں یا اسناد میں طلبہ کے اپنے یا اس کے والد کے نام یا تاریخ پیدائش میں فرق کی صورت میں مڈل پاس سرٹیفکیٹ، برتھ سرٹیفکیٹ، نادرا رجسٹریشن ''ب'' فارم کی مصدقہ فوٹو کاپی کے ساتھ دوران تعلیم درخواست دیں وگرنہ میٹرک کی سند میں موجود نام اور تاریخ پیدائش کو درست تصور کیا جائے گا اور شعبہ امتحانات اس کے مطابق ڈگری یا سرٹیفکیٹ جاری کرے گا۔

# 1.1 ۔ سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (میٹرک) جنرل گروپ

## (لازمی مضامین)

### پہلا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0201 | اسلامیات **یا** | اردو | مکمل |
| 0251 | اخلاقیات (غیر مسلم طلبہ کے لیے) | اردو | مکمل |
| 0202 | مطالعہ پاکستان | اردو | مکمل |

### دوسرا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0204 | روزمرہ اردو **یا** | اردو | مکمل |
| 0213 | سندھی لازمی (صوبہ سندھ کے طلبہ کے لیے) | سندھی | مکمل |
| 0207 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English-I | انگلش | نصف |
| 0247 | ریاضی (حصہ اول) Mathematics - I | اردو/انگریزی | نصف |

### تیسرا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0203 | جنرل سائنس | اردو | مکمل |
| 0221 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English-II | انگلش | نصف |
| 0248 | ریاضی (حصہ دوم) Mathematics - II | اردو/انگریزی | نصف |

### چوتھا سمسٹر

کوئی دو مکمل **یا** ایک مکمل اور دو نصف **یا** چار نصف کریڈٹ اختیاری مضامین سے منتخب کریں۔

## (اختیاری مضامین)

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0200 | گھریلو مصنوعات کی فروخت | اردو | مکمل |
| 0205 | عربی | عربی | مکمل |
| 0206 | کنبے کی صحت اور دیکھ بھال | اردو | نصف |
| 0208 | ملبوسات کی تیاری (حصہ اول) | اردو | نصف |

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0209 | جنرل ہوم اکنامکس | اردو | مکمل |
| 0210 | ملبوسات کی تیاری (حصہ دوم) | اردو | نصف |
| 0211 | مرغبانی | اردو | نصف |
| 0212 | گھریلو برقی آلات اور اُن کی دیکھ بھال | اردو | نصف |
| 0215 | علم التعلیم (ایجوکیشن) | اردو | مکمل |
| 0217 | غذا اور غذائیت | اردو | نصف |
| 0218 | ابتدائی طبی امداد (حصہ اول) | اردو | نصف |
| 0219 | گھریلو وزرعی امور | اردو | مکمل |
| 0220 | ابتدائی طبی امداد (حصہ دوم) | اردو | نصف |
| 0222 | عملی غذا اور غذائیت | اردو | نصف |
| 0242 | سیرت طیبہ | اردو | نصف |
| 0252 | لیب ٹیکنیکس (فزکس) | اردو | نصف |
| 0253 | جانوروں کے بنیادی انتظامی امور | اردو | نصف |
| 0254 | جانوروں کی پیداوار | اردو | نصف |
| 0256 | سبزیوں کی کاشت | اردو | نصف |
| 0257 | پھلوں کی پیداوار | اردو | مکمل |
| 0258 | لیب ٹیکنیکس (کیمسٹری) | اردو | نصف |
| 0259 | لیب ٹیکنیکس (حیاتیات) | اردو | نصف |
| **0260*** | Information Technology Basics | اردو | نصف |

* کورس کوڈ **0260** کی فیس مبلغ **-/660** روپے ہے۔

## 1.2۔ میٹرک (درس نظامی)

(تمام سمسٹرز اور مضامین لازمی ہیں)

### پہلا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0202 | مطالعہ پاکستان | اردو | مکمل |
| 0240 | قرآن حکیم (پارہ نمبر 30 کا لفظی و بامحاورہ ترجمہ اور مشکل الفاظ کے معانی) | اردو | مکمل |

### دوسرا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0204 | اُردو | اردو | مکمل |
| 0207 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English-I | انگلش | نصف |
| 0247 | ریاضی (حصہ اول) Mathematics - I | اردو | نصف |

### تیسرا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0203 | جنرل سائنس | اردو | مکمل |
| 0221 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English-II | انگلش | نصف |
| 0248 | ریاضی (حصہ دوم) Mathematics - II | اردو | نصف |

### چوتھا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0241 | اسلامی فقہ (قدوری اول تا کتاب المساقات) | اردو | مکمل |
| 0246 | عربی | عربی | نصف |
| 0242 | سیرت طیبہ ﷺ (رحمت عالم) | اردو | نصف |

# 2- انٹرمیڈیٹ پروگرام

## ہائرسیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (انٹرمیڈیٹ) پروگرام

ایف اے کی سطح پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی درج ذیل تین عمومی گروپس پیش کر رہی ہے۔

1- جنرل گروپ 2- آئی کام گروپ 3- درس نظامی گروپ

## شرائط داخلہ انٹرمیڈیٹ جنرل اور آئی کام پروگرام

(i) ہائرسیکنڈری پروگراموں میں داخلے کے لیے طالب علم کا میٹرک کے لازمی اور اختیاری مضامین میں پاس ہونا ضروری ہے۔ کسی لازمی یا اختیاری مضمون میں ایف(F) گریڈ حاصل کرنے والے طلباء/ طالبات ہائرسیکنڈری پروگرام میں داخلہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

(ii) ہائرسیکنڈری پروگرام میں داخلہ کے لیے ضروری ہے کہ طلباء/طالبات میٹرک کی (یونیورسٹی/بورڈ سے جاری) مارکس شیٹ یا سند کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ (مارکس شیٹ یا سند کی تصدیق شدہ کاپی منسلک نہ ہونے کی صورت میں داخلہ نہیں ہوگا)۔ اس کے علاوہ انٹرنیٹ سے لیا گیا پرنٹ بھی قابل قبول نہیں ہوگا۔

(iii) غیر مسلم طلباء/ طالبات کے لیے اسلامیات لازمی کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔ مسلم طلباء/ طالبات اخلاقیات اور غیر مسلم طلباء/ طالبات اسلامیات بطور نصف کریڈٹ کورس نہیں لے سکتے۔

(iv) یونیورسٹی ہذا سے میٹرک پاس کرنے والے طلباء/ طالبات پروویژنل سرٹیفکیٹ یا سند کی تصدیق شدہ کاپی فارم کے ساتھ لف کریں۔ (رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہیں ہے)۔

(v) صرف ثانویہ عامہ/ فاضل عربی/ اردو وغیرہ کے حامل امیدوران کے لیے انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین IBCC کا جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) داخلہ فارم کے ہمراہ منسلک کرنا لازم ہے بصورت دیگر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔

## شرائط داخلہ درس نظامی پروگرام

(i) ہائرسیکنڈری سطح پر درس نظامی (ثانویہ خاصہ میں داخلے کے لیے ضروری ہے کہ طالب علم نے ثانویہ عامہ اور میٹرک جنرل یا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے میٹرک درس نظامی پاس کیا ہو۔

(ii) ایسے طلباء و طالبات جنھوں نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے منظور شدہ وفاقوں اور دینی مدارس (جن کی فہرست درج ذیل ہے) کی ثانویہ عامہ کی سند کی بنیاد پر میٹرک کے مطلوبہ مضامین پاس کیے ہیں وہ طلباء انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین (IBCC) اسلام آباد کا جاری کردہ میٹرک کے برابری (Equivalence) کا سرٹیفکیٹ بھی منسلک کریں بصورت دیگر متعلقہ فارم نا قابلِ قبول ہوگا۔

HEC سے منظور شدہ دینی مدارس کی فہرست (نوٹ: درج ذیل وفاقات اور جامعات کے علاوہ دیگر اداروں کے طلبہ کو AIOU میں داخلہ ہرگز نہیں دیا جا سکتا)

| | |
|---|---|
| الف۔ وفاق المدارس العربیہ ملتان پاکستان | ب۔ تنظیم المدارس اہل سنت لاہور پاکستان |
| ج۔ وفاق المدارس السّلفیہ اہلحدیث فیصل آباد پاکستان | د۔ رابطۃ المدارس، لاہور پاکستان |
| ر۔ وفاق المدارس شیعہ لاہور پاکستان | ڑ۔ جامعہ اسلامیہ منہاج القرآن لاہور |
| س۔ جامعہ تعلیمات اسلامیہ فیصل آباد | ص۔ جامعہ اشرفیہ لاہور |
| ق۔ دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ، سرگودہا | م۔ دارالعلوم کراچی |

**نوٹ:** داخلہ فارم پُر کرتے وقت طلباء و طالبات اپنی میٹرک کی سند کے مطابق نام/ ولدیت/ تاریخ پیدائش کا صحیح اندراج کریں۔

انٹرمیڈیٹ کورس اردو لازمی-I(0363) اور اردو لازمی-II(0364) کو سمسٹر خزاں 2010ء سے آن لائن کیا گیا ہے۔ جو طلبہ و طالبات ان کورسز میں آن لائن داخلہ لینے کے خواہش مند ہوں وہ داخلہ فارم میں ان کورسز کے آگے Online ضرور لکھیں تا کہ انھیں Online کورس پڑھنے کی سہولت فراہم کی جائے۔

## معلومات و ہدایات (برائے جنرل، آئی کام، درس نظامی پروگرام)

(i) ہائرسیکنڈری پروگرام چار سمسٹر پر مشتمل ہے۔ داخلہ سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں بالترتیب فروری اور اگست میں کیا جاتا ہے۔

(ii) ہائرسیکنڈری (انٹرمیڈیٹ) کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے طالبِ علموں کو آٹھ مکمل کورس یا اِس کے مساوی کورسز پاس کرنے ہوتے ہیں۔

(iii) طالبِ علم ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ دو مکمل یا چار نصف یا ایک مکمل دو نصف کورسز میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ دو نصف کورس ایک مکمل کورس کے برابر ہیں۔

(iv) آئی کام کے کورسز کی کامیاب تکمیل کے بعد طلبہ بی کام اور بی اے جنرل پروگراموں میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

(vi) داخلہ ہو جانے اور کتب کی ترسیل کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

(vii) درسِ نظامی گروپ کے طلبہ کے لیے دینی مدارس میں جو نصاب پڑھایا جاتا ہے ان میں بعض مضامین کا یونیورسٹی اپنے طریقہ کار کے مطابق امتحان لے گی اور جو مضامین نہیں پڑھائے جاتے لیکن ان کی ضرورت اور افادیت مسلم ہے، وہ فاصلاتی طریقہ تدریس کے ذریعے پڑھائے جائیں گے۔

(viii) یونیورسٹی نے اپنے تدریسی دورانیے کو چھ ماہ کی مدت میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر چھ ماہ کے عرصہ کو سمسٹر کہتے ہیں جس کے دوران طالبِ علم پڑھتے ہیں، امتحانی مشقیں حل کرتے ہیں امتحان کی تیاری کرتے ہیں اور امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔

(x) یونیورسٹی دینی مدارس کے طالبِ علموں کو دینی مدارس میں پڑھائے جانے والے مضامین کی کتابیں نہیں بھیجے گی البتہ ہر کورس کی امتحانی مشقیں ارسال کی جائیں گی اور ہر کورس کے لیے ٹیوٹر مقرر کیے جائیں گے جو امتحانی مشقیں جانچیں گے۔

(xi) ایسے طلباء/ طالبات جنہوں نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی یا کسی دوسرے تعلیمی بورڈ سے HSSC (ایف اے) پروگرام مکمل کیا ہو دوبارہ اسی لیول کے کسی پروگرام میں داخلہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔ البتہ اضافی کورس سرٹیفکیٹ میں داخلہ لینے پر پابندی نہیں ہوگی۔

(xii) صوبہ سندھ سے تعلق رکھنے والے طلباء طالبات کے لئے ضروری ہے کہ اگر پہلے سمسٹر میں کورس کوڈ 0398 میں داخلہ لیا ہے تو سیکنڈ سمسٹر کورس کوڈ 0399 میں داخلہ لیں۔ اِسی طرح پہلے سمسٹر میں کورس کوڈ 0363 میں داخلہ لینے کی صورت میں سیکنڈ سمسٹر میں کورس کوڈ 0364 میں داخلہ لینا ہوگا۔

## 2.1۔ ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (ایف اے)
## (جنرل گروپ)

### پہلا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0363 | اردو (حصہ اول) **یا** | اردو | نصف |
| 0398 | سندھی + آسان اردو (حصہ اول) (صرف صوبہ سندھ کے طلباء وطالبات کے لئے) | سندھی | نصف |
| 0386 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English -I | انگلش | نصف |
| 0316 | اسلامیات **یا** | اردو | نصف |
| 0319 | اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلباء وطالبات کے لئے) | اردو | نصف |
| 0317 | مطالعہ پاکستان | اردو | نصف |

### دوسرا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0364 | اردو (حصہ دوم) **یا** | اردو | نصف |
| 0399 | سندھی + آسان اردو (حصہ دوم) (صرف صوبہ سندھ کے طلباء وطالبات کے لئے) | سندھی | نصف |
| 0387 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English -II | انگلش | نصف |
| کوئی دو نصف **یا** ایک مکمل کریڈٹ، اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں۔ | | | |

### تیسرا سمسٹر

کوئی دو مکمل **یا** ایک مکمل اور دو نصف **یا** چار نصف کریڈٹ، اختیاری مضامین سے منتخب کریں۔

## چوتھا سمسٹر

کوئی دو مکمل **یا** ایک مکمل اور دو نصف **یا** چار نصف کریڈٹ
اختیاری مضامین سے منتخب کریں۔

## اختیاری مضامین

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0301 | دفتری اردو | اردو | نصف |
| 0303 | اقبالیات | اردو | مکمل |
| 0305 | دیہی ترقی | اردو | نصف |
| **0307** * | الیکٹریکل وائرنگ | اردو | نصف |
| 0308 | جنرل سائنس | اردو | مکمل |
| 0309 | عربی | عربی | مکمل |
| 0311 | کھاتہ نویسی ومحاسبی | اردو | مکمل |
| 0312 | علم التعلیم | اردو | مکمل |
| 0313 | ڈیری فارمنگ | اردو | نصف |
| **0314** ** | الیکٹریشن | اردو | نصف |
| 0315 | معاشیات | اردو | مکمل |
| 0321 | تاریخ مسلمانان برصغیر | اردو | مکمل |
| 0322 | دفتری دستور العمل | اردو | نصف |
| 0326 | نفع بخش زرعی مہارتیں | اردو | نصف |

* کورس کوڈ **0307** صرف بہار سمسٹر میں پیش کیا جاتا ہے۔

** کورس کوڈ **0314** صرف خزاں سمسٹر میں پیش کیا جاتا ہے۔

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0327 | فارم مشینری | اردو | نصف |
| 0328 | تیل دار فصلوں کی کاشت | اردو | نصف |
| 0329 | جدید زراعت | اردو | نصف |
| 0330 | بچے کی نگہداشت ونشونما | اردو | نصف |
| **0332** * | آٹو سروسنگ | اردو | نصف |
| **0341** ** | گھریلو برقی آلات کی دیکھ بھال اور مرمت | اردو | نصف |
| 0342 | باغبانی کے عملی طریقے | اردو | نصف |
| 0343 | اسلامیات | اردو | مکمل |
| **0344** * | بنیادی برقیات | اردو | نصف |
| 0345 | گھریلو انتظام وآرائش | اردو | نصف |
| 0346 | اصولِ تجارت | اردو | مکمل |
| 0347 | بینکنگ | اردو | نصف |
| **0348** ** | ریڈیو سروسنگ | اردو | نصف |
| 0349 | پودوں کی حفاظت | اردو | نصف |
| **0351** ** | آٹو مکینیکس | اردو | نصف |
| 0355 | کنزیومر ٹیکسٹائل (پارچہ بافی) | اردو | نصف |
| 0356 | غذا اور غذائیت | اردو | نصف |
| 0357 | صحت اور غذائیت | اردو | نصف |
| 0358 | اپیرل ڈیزائن | اردو | نصف |

* کورس کوڈز **0332**، **0344** صرف بہار سمسٹر میں پیش کیے جاتے ہیں۔

** کورس کوڈز **0341**،**0348**، **0351** صرف سمسٹر خزاں (اگست) میں پیش کیے جاتے ہیں

**نوٹ:** کورس کوڈز **0314** , **0348** , **0351** میں داخلہ لینے سے پہلے اِن کے بنیادی کورسز بالترتیب **0332,0344,0307** میں داخلہ لینا ضروری ہے جو کہ سمسٹر بہار (فروری) میں پیش ہوتے ہیں

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0359 | فہم ریاضی، شماریات اور کمپیوٹر | انگلش | نصف |
| 0360 | Information Technology Applications | اردو | نصف |
| 0361 | فارسی | فارسی | مکمل |
| 0365 | فیملی اور کمیونٹی کی صحت | اردو | نصف |
| 0366 | صحت کے لئے عملی اقدامات | اردو | نصف |
| 0369 | ہیلتھ ورکرز کے لئے ابلاغی مہارتیں | اردو | نصف |
| 0371 | ویمن پولیسنگ | اردو | مکمل |
| 0372 | جرمیات | اردو | مکمل |
| 0376 | انسانی حقوق | اردو | مکمل |
| 0388 | علم تعزیر | اردو | مکمل |
| 0389 | قرآنِ حکیم (ترجمہ) | اردو | مکمل |
| 0394 | شماریات (حصہ اول) Statistics - I | انگلش | نصف |
| 0395 | شماریات (حصہ دوم) Statistics - II | انگلش | نصف |
| 1307 | ریاضی (حصہ اول) Mathematics - I | انگلش | نصف |
| 1308 | ریاضی (حصہ دوم) Mathematics - II | انگلش | نصف |
| 1309 | ریاضی (حصہ سوم) Mathematics - III | انگلش | نصف |

**نوٹ:** لازمی اردو، انگریزی اور شماریات کے حصہ دوم میں داخلہ لینے سے پہلے اِن مضامین کے حصہ اول پڑھیں۔ اِسی طرح ریاضی کے حصہ اول، دوم اور سوم میں بالترتیب داخلہ لیں۔

## آئی کام (کامرس گروپ)

(تمام سمسٹرز اور کورسز لازمی ہیں)

### پہلا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0363 | اردو (حصہ اول) **یا** | اردو | نصف |
| 0398 | سندھی + آسان اردو (حصہ اول) (صرف صوبہ سندھ کے طلباء طالبات کے لئے) | سندھی | نصف |
| 0386 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | نصف |
| 0316 | اسلامیات **یا** | اردو | نصف |
| 0319 | اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلباء وطالبات کے لئے) | اردو | نصف |
| 0317 | مطالعہ پاکستان | اردو | نصف |

### دوسرا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0311 | کھاتہ نویسی ومحاسبی | اردو | مکمل |
| 0346 | اصول تجارت | اردو | مکمل |

### تیسرا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0394 | شماریات (حصہ اول) Statistics - I | انگلش | نصف |
| 0322 | دفتری دستور العمل | اردو | نصف |
| 0387 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English - II | انگلش | نصف |
| 0364 | اردو (حصہ دوم) **یا** | اردو | نصف |
| 0399 | سندھی + آسان اردو (حصہ دوم) (صرف صوبہ سندھ کے طلباء وطالبات کے لئے) | سندھی | نصف |

### چوتھا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0315 | معاشیات | اردو | مکمل |
| 0347 | بینکنگ | اردو | نصف |
| 0395 | شماریات (حصہ دوم) Statistics - II | انگلش | نصف |

## 2.2۔ ہائر سیکنڈری (ثانویہ خاصہ)

### درس نظامی گروپ

تمام سمسٹرز اور کورسز لازمی ہیں۔

#### پہلا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0389 | قرآنِ حکیم (سورہ یونس تا ابراہیم۔لفظی و بامحاورہ ترجمہ اور تشریح) | اردو | مکمل |
| 0390 | حدیث (ریاض الصالحین) (کتاب الآداب تا باب امر الصائم بحفظ لسانہ) | اردو | مکمل |

#### دوسرا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0391 | فقہ (قدوری از کتاب النکاح تا آخر) | اردو | مکمل |
| 0392 | اصول فقہ (تسہیل اصول الشاشی) | اردو | مکمل |

#### تیسرا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0363 | اردو (حصہ اول) **یا** | اردو | نصف |
| 0398 | سندھی + آسان اردو-I (صرف صوبہ سندھ کے طلباء طالبات کے لئے) | سندھی | نصف |
| 0309 | عربی | عربی | مکمل |
| 0386 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | نصف |

#### چوتھا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0316 | اسلامیات | اردو | نصف |
| 0387 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English - II | انگلش | نصف |
| 0364 | اردو (حصہ دوم) **یا** | اردو | نصف |
| 0399 | سندھی + آسان اردو-II (صرف صوبہ سندھ کے طلباء وطالبات کے لئے) | سندھی | نصف |
| 0357 | صحت اور غذائیت | اردو | نصف |

# 3- بیچلر پروگرام

بیچلر کی سطح پر یونیورسٹی درج ذیل مختلف پروگرام پیش کر رہی ہے:

i۔ ایسوسی ایٹ ڈگری ان کامرس

ii۔ بی کام

iii۔ بی اے لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز گروپ

iv۔ ابلاغ عامہ گروپ

v۔ جنرل گروپ

vi۔ درس نظامی گروپ

## 3.1۔ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام (کامرس)

ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی مشاورت سے مرتب کیا گیا ہے تاکہ پیشہ ورانہ تربیت کی حامل افرادی قوت صنعتوں (انڈسٹری) کے لئے تیار کی جائے۔ ایسوسی ایٹ ڈگری کی تکمیل کے بعد طلباء مختلف صنعتوں میں ملازمت حاصل کر سکیں گے اور مزید تعلیم کے لئے بی ایس (BS) پروگرام کے پانچویں سمسٹر یا ایم کام/ایم بی اے (MCom/MBA) میں (یونیورسٹی قواعد کے مطابق) داخلہ حاصل کر سکیں گے۔ ایسوسی ایٹ ڈگری دو سالہ بی اے کے مساوی پروگرام ہے یہ ڈگری پیشہ ورانہ تربیت مہیا کرتی ہے جو کہ بی اے (جنرل گروپ) سے نسبتاً بہتر ہے۔

اس ڈگری میں مندرجہ ذیل تخصیصات Specializations پیش کی جارہی ہیں:۔

(1) اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس (2) بینکنگ اینڈ فنانس

* کسی ایک خاص تخصیص (Specialization) میں گروپ نہ بننے کی صورت میں شعبہ کامرس طلبہ کی تخصیص (Specialization) تبدیل کرنے کا مجاز ہوگا۔

### (i) اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس

اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے درج ذیل مقاصد ہیں:

1- طلبہ کو ایک کامیاب اکاؤنٹنگ کیریئر کے لیے ضروری علم، مہارت اور صلاحیتیں فراہم کرنا۔

2- طلبہ میں نجی کاروباری اداروں، غیر منافع بخش اور سرکاری اداروں میں مؤثر طریقے سے کام کرنے کے لیے ضروری مالی انتظام کی مہارت پیدا کرنا۔

3- ایسے افراد تیار کرنا جو سرکاری اور نجی اداروں کے لیے اکاؤنٹس کی کتابیں اور اس سے وابستہ مواد تیار کر سکیں۔

4- طلبہ میں کے مالی معاملات اور سرمایہ کاری سے متعلق اہم فیصلے کرنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔

5- چھوٹے پیمانے پر کاروبار شروع کرنے کے لیے طلبہ میں انتظامات اور تخلیقی صلاحیت پیدا کرنا۔

#### متوقع ملازمت کے مواقع

اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے حامل طلبہ سرکاری، نیم سرکاری اور نجی اداروں کے آڈٹ، اکاؤنٹس اور فنانس ڈیپارٹمنٹ میں بطور آڈیٹر، اسسٹنٹ اکاؤنٹینٹ، اسسٹنٹ مینجر، سیلز مینجر یا مالک کے کام کرنے کے کے اہل ہوسکیں گے اس کے علاوہ وہ جاب مارکیٹ میں جنرل بی اے ڈگری ہولڈرز کے ساتھ بھی مقابلہ کر سکیں گے۔

### (ii) بینکنگ اینڈ فنانس

بینکنگ اینڈ فنانس میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے درج ذیل مقاصد ہیں:

1- طلبہ میں مالیاتی منڈیوں کی ساخت اور کام کے علاوہ مالیاتی اداروں اور انٹرمیڈیریز کے کردار کے متعلق سمجھ بوجھ پیدا کرنا۔

2- تجارتی اور سرمایہ کاری بینکنگ میں بہتر مستقبل کے لیے ٹھوس بنیاد مہیا کرنا۔

3- طلبہ حسابی/اکاؤنٹس کی کتابوں کی تیاری کے لیے طریقہ کار اور تکنیک جان سکیں اور ان کا آڈٹ کر سکیں۔

4- مالیاتی اداروں کے متعلق تازہ ترین پیش رفت کے ساتھ طلبہ کو روشناس کرانا۔

5- طلبہ کو فنانسنگ ،سرمایہ کاری اور اثاثہ جات کے انتظام کے فیصلوں کا بنیادی علم فراہم کرنا۔

6- چھوٹے پیمانے پر کاروبار کی ابتداء اور منظّم کرنے کے لیے طلبہ میں انتظامی اور تخلیقی صلاحیت پیدا کرنا۔

## متوقع ملازمت کے مواقع

بینکنگ اینڈ فنانس میں ایسوسی ایٹ ڈگری کے حامل طلبہ کمرشل بنکوں اور مالیاتی اداروں میں بطور کیشئر اور OG-III کام کرنے کے اہل ہو سکیں گے۔اس کے علاوہ وہ جاب مارکیٹ میں جنرل بی اے ڈگری ہولڈرز کے ساتھ بھی مقابلہ کر سکیں گے۔

**دورانیہ**

☆ ایسوسی ایٹ ڈگری دوسالہ پروگرام ہے جو کہ چار سمسٹر پر مشتمل ہے۔

**شرائط داخلہ:**

☆ ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام میں داخلہ کے لئے انٹرمیڈیٹ میں کم از کم سکینڈ ڈویژن (45% Marks) میں پاس ہونا ضروری ہے۔

☆ یونیورسٹی ہذا سے ہائر سکینڈری سکول سرٹیفکیٹ مکمل کرنے والے طلباء وطالبات پروویژنل سرٹیفکیٹ یا سند کی مصدقہ نقل ساتھ لف کریں۔(رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہیں ہوگا)۔

☆ غیر مسلم طلباء وطالبات کے لئے اسلامیات کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔مسلمان طلباء و طالبات اخلاقیات اور غیر مسلم طلباء وطالبات اسلامیات کے مضمون میں داخلہ نہیں لے سکتے۔

☆ داخلے کے لئے میٹرک/انٹرمیڈیٹ پاس رزلٹ کارڈ کی تصدیق شدہ کاپیاں داخلہ فارم اور فیس کے ساتھ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی نامزد بینک برانچوں میں جمع کروائیں۔

☆ نامکمل داخلہ فارم پر کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔فارم واپس کر دیئے جائیں گے اور اعتراض دور کرنے پر آئندہ سمسٹر میں داخلہ دیا جائے گا۔لہٰذا داخلہ فارم پر دیئے گئے تمام کوائف کو اچھی طرح جانچ پڑتال کرنے کے بعد شعبہ داخلہ کو ارسال کریں ورنہ داخلہ نہ ہونے کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

☆ داخلہ ہو جانے اور کتب کی ترسیل کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

## طریقہ تدریس:

یہ پروگرام مرکب طریقہ تعلیم (Blended mode of Learning) یعنی آن لائن کلاسز اور ورکشاپ کلاسز کے ذریعے پیش کیا جا رہا ہے۔ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرام کے کورسز اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں ہیں۔جو کورسز اردو میں ہیں ان کا امتحان اردو میں اور جو کورسز انگریزی میں ہیں ان کا امتحان انگریزی زبان میں ہی ہوگا۔اس پروگرام کے تعلیمی اجزاء مندرجہ ذیل ہیں:

i) درسی مواد ii) امتحانی مشقیں iii) آن لائن کلاسز

iv) ریڈیو ر ٹیلی ویژن پروگرام v) ورکشاپ کلاسز

### (i) درسی مواد:

طلباء کے لئے درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ہر کورس میں درسی مواد کے یونٹوں کی تعداد مقرر ہے یونٹ میں ایک ہفتے کا درسی کام ہوتا ہے۔ہر یونٹ کے شروع میں اس کے مقاصد پھر اسی ترتیب سے یونٹ کے مختلف موضوعات اور ہر موضوع کے بعد خود آزمائی (اپنا امتحان آپ) کے سوالات ہوتے ہیں۔ان سوالات سے طلباء کو اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے کورس کو کس حد تک سمجھا ہے۔طلباء کو درسی مواد بذریعہ ڈاک یا ای میل بھیجا جاتا ہے۔

### (ii) امتحانی مشقیں:

ہر کورس کے لئے اس کی نوعیت کے اعتبار سے امتحانی مشقوں کی ایک مخصوص تعداد مقرر کی گئی ہے۔طلبہ کے لئے کورس کے دوران یہ امتحانی مشقیں حل کر کے اپنے ٹیوٹر کو بروقت بھیجنا لازمی ہے۔ٹیوٹر تصحیح اور جانچ پڑتال کے بعد یہ امتحانی مشقیں طالب علم کو واپس بھیج دیتے ہیں تاکہ طلبہ اپنی کارکردگی سے باخبر رہیں۔ان مشقوں کے نمبر امتحان میں حاصل کردہ نمبروں میں شامل کر کے نتیجہ مرتب کیا جاتا ہے۔اس پروگرام میں ہر کورس کی دو امتحانی مشقیں ہیں اور ان مشقوں میں کامیابی کے کم از کم 50% نمبر ہیں۔مقررہ مشقیں بروقت حل نہ کرنے کی صورت میں نتیجہ متاثر ہوگا اور ان میں ناکامی کی صورت میں دوبارہ داخلہ لینا پڑے گا۔

### (iii) کلاسز:

ایسوسی ایٹ ڈگری کی کلاسز کا انعقاد مرکب طریقہ تعلیم (Blended mode of Learning) یعنی آن لائن کلاسز اور ورکشاپ کلاسز کے طریقہ کار پر ہوگا۔ ہر کورس میں 10 لیکچرز آن لائن اور 04 لیکچرز Face to Face ورکشاپ میں ہوں گے۔ ورکشاپ یونیورسٹی کے متعلقہ علاقائی کیمپس (Regional Campus) یا مین کیمپس اسلام آباد میں ہوگی۔اس کے علاوہ طلبہ کو آن لائن ایجوکیشنل ریسورسز بھی مہیا کیے جائیں گے۔طلباء کو آخری امتحان میں شمولیت کے لیے کم از کم 70% فیصد حاضری کا ہونا ضروری ہے۔

| ٹائٹل | کریڈٹ آورز | ای لرننگ ریسورسز | ورکشاپ آورز | آن لائن کلاسز آورز | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|
| فی کورس | 3 | 24 | 12 | 15 | 51 |

ڈیپارٹمنٹ آف کامرس سمسٹر کے شروع میں طلباء کے لئے ایک ٹریننگ سیشن منعقد کرتا ہے جس میں پہلے سمسٹر میں داخلہ لینے والے طلباء و طالبات کو آن لائن کلاسز لینے کا طریقہ کار اور امتحانی مشق جمع کروانے کا طریقہ کار سمجھایا جاتا ہے تاکہ طلبہ کو آن لائن کلاس لینے یا امتحانی مشق جمع کروانے میں کوئی دشواری نہ ہو۔ڈیپارٹمنٹ آف کامرس یہ ٹریننگ متعلقہ ریجنل دفاتر یا مین کیمپس اسلام آباد میں منعقد کرتا ہے جس میں طلبہ کی حاضری لازمی ہے۔اس ٹریننگ کے بعد طلبہ اس قابل ہو جاتے ہیں کہ وہ بآسانی آن لائن کلاسز لے سکیں اور آن لائن امتحانی مشق جمع کرواسکیں۔طلبہ اپنے داخلہ فارم پُر کرتے وقت اپنا ای میل ایڈریس اور اپنا فون/رابطہ نمبر واضح طور پر لکھیں تاکہ ان کو بر وقت ٹریننگ سیشن کے بارے میں آگاہ کیا جاسکے۔

### (iv) ریڈیو/ٹیلی ویژن پروگرام:

درسی مواد کو ہر لحاظ سے مکمل بنانے اور مزید وضاحت اور تقویت کے لئے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام بھی پیش کئے جاتے ہیں۔ان پروگراموں کے اوقات کی اطلاع طلبہ کو پہلے سے فراہم کردی جاتی ہے۔یونیورسٹی کے تمام طلبہ کی رہنمائی کے لئے ہر اتوار کو ریڈیو پاکستان سے ''جامعہ نامہ'' کا خصوصی پروگرام نشر کیا جاتا ہے۔اس کا شیڈول (نشر ہونے کے اوقات) درسی کتب کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

### (v) آخری امتحان:

سمسٹر کے اختتام پر امتحان لیا جاتا ہے جس کے لئے طلبہ کو روایتی طریقہ امتحان کی طرح امتحانی مراکز میں حاضر ہونا پڑتا ہے۔اس کے بارے میں تفصیلی معلومات طلبہ کو پہلے مہیا کردی جاتی ہیں۔امتحان میں سوالات متعلقہ کورس سے پوچھے جاتے ہیں۔امتحان میں صرف وہی طلبہ شریک ہوتے ہیں جنہوں نے امتحانی مشقوں میں کامیابی حاصل کی ہو اور 70 فیصد کلاسز اٹینڈ کی ہوں۔اگر طلبہ امتحانی مشقوں میں پاس ہوں تو امتحان میں ناکامی کی صورت میں دو لگاتار مواقع فراہم کئے جاتے ہیں۔شیڈول کے مطابق سمسٹر بہار کے امتحان نومبر کے پہلے ہفتے اور خزاں کے امتحان مئی کے پہلے ہفتے میں شروع ہوتے ہیں۔

### ڈگری کا حصول:

☆ ایسوسی ایٹ ڈگری کے حصول کے لئے تمام کورسز اور عملی کام (انٹرن شپ / پراجیکٹ) (کل 66 کریڈٹ آورز) کی کامیاب تکمیل ضروری ہے۔

☆ اس پروگرام میں طلباء آخری سمسٹر کے دوران 3 ماہ کی پریکٹیکل ٹریننگ (انٹرن شپ/پراجیکٹ) متعلقہ صنعت کے کسی مصروف ادارے کے ساتھ مکمل کریں گے۔یہ ٹریننگ ڈگری کے حصول کے لئے لازمی ہے۔

☆ انٹرن شپ/پراجیکٹ کی تکمیل کے بعد طلباء متعلقہ رپورٹ شعبہ کامرس کو ارسال کریں گے۔جس کی پڑتال کے بعد ان کا زبانی امتحان ہوگا۔زبانی امتحان میں کامیابی حصولِ ڈگری کے لئے لازمی ہے۔

### کورس کا نتیجہ:

کورس کا نتیجہ مرتب کرنے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| امتحانی مشقیں | 20% |
| پریزنٹیشن (Presentation) | 10% |
| آخری امتحان | 70% |

## گریڈنگ سسٹم:

| Marks Percentage | Alphabetical Grade | Grade Point Average (GPA) |
|---|---|---|
| 90-100 | A+ | 4.00 |
| 85-89 | A | 4.00 |
| 80-84 | A- | 3.67 |
| 75-79 | B+ | 3.33 |
| 71-74 | B | 3.00 |
| 68-70 | B- | 2.67 |
| 64-67 | C+ | 2.33 |
| 60-63 | C | 2.00 |
| 57-59 | C- | 1.67 |
| 53-56 | D+ | 1.33 |
| 50-52 | D | 1.00 |
| 0-49 | F | Zero |

## پہلا سمسٹر

| S. No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Islamiat/Ehics (for Non Muslim students only) | 5436/5437 | 3 |
| 2. | Pakistan Studies | 5438 | 3 |
| 3. | Fundamentals of Business | 5402 | 3 |
| 4. | Basics of ICT | 5403 | 3 |
| 5. | Compulsory English - I | 5404 | 3 |

## دوسرا سمسٹر

| S. No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Principles of Accouonting | 5401 | 3 |
| 2. | Applied Math for Business & Social Sciences | 5405 | 3 |
| 3. | Micro Economics | 5406 | 3 |
| 4. | Compulsory English - II | 5411 | 3 |
| 5. | Sociology | 5415 | 3 |

## تیسرا سمسٹر

| S. No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Principles of Marketing | 5407 | 3 |
| 2. | Business Communication | 5409 | 3 |
| 3. | Cost Accounting | 5410 | 3 |
| 4. | Statistics for Management | 5412 | 3 |
| 5. | Principles of Management | 5414 | 3 |
| 6. | Macro Economcis | 5416 | 3 |

## چوتھا سمسٹر

طلبہ دیئے گئے تخصیصات (Specializations) میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں:

### (1) ACCOUNTING & FINANCE

| S. No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Business Law | 5413 | 3 |
| 2. | Auditing | 5417 | 3 |
| 3. | Financal Accounting | 5418 | 3 |
| 4. | Advanced Accounting | 5419 | 3 |
| 5. | Internship/ Project (3 Months) | 5440 | 6 |

## (2) BANKING & FINANCE

| S. No. | Course Title | Code | Credit Hours |
|---|---|---|---|
| 1. | Business Law | 5413 | 3 |
| 2. | Auditing | 5417 | 3 |
| 3. | Banking Law & Practice | 5420 | 3 |
| 4. | Islamic Banking | 5421 | 3 |
| 5. | Internship/ Project (3 Months) | 5440 | 6 |

### فیس کی رعایت:

کورس فیس -/1820 روپے کا 50% فی صد -/910 روپے ایسوسی ایٹ ڈگری کے طلبہ کو رعایت دی گئی ہے لہٰذا طلبہ کو فی کورس -/910 روپے کے حساب سے جمع کرانے ہوں گے بقایا -/910 روپے یونیورسٹی سٹوڈنٹس سکالرشپ سے ادا کرے گی۔ اس رعایت کے مطابق فیس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| سمسٹر | کل فیس | رعائتی فیس (جو طلبہ ادا کریں گے) | فیس کا وہ حصہ جو یونیورسٹی سٹوڈنٹس اسکالرشپ فنڈ سے ادا کرے گی۔ |
|---|---|---|---|
| پہلا | -/9,835 روپے | -/4,935 روپے | -/4,900 روپے |
| دوسرا | -/9,235 روپے | -/4,635 روپے | -/4,600 روپے |
| تیسرا | -11,055 روپے | -/5,545 روپے | -/5,510 روپے |
| چوتھا | -/11,045 روپے | -/5,540 روپے | -/5,505 روپے |

### فیس:

| | |
|---|---|
| رجسٹریشن فیس | -/100 روپے (یونیورسٹی میں پہلی دفعہ داخلہ لینے کی صورت میں) |
| داخلہ فیس | -/500 روپے (پروگرام میں پہلی دفعہ داخلہ لینے کی صورت میں) |
| ٹیکنالوجی فیس | /-100 روپے (ہر سمسٹر میں لازمی) |
| کوریئر چارجز فیس | -/35 روپے (ہر سمسٹر میں) |
| کورس فیس | -/1820 روپے فی کورس |
| پراجیکٹ/انٹرن شپ فیس | -/3630 روپے (آخری سمسٹر میں ادا کرنی ہوگی) |

## 3.2۔ بی کام (B.Com)

بی کام پروگرام کا شمار علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے مقبول ترین پروگرامز میں سے ہوتا ہے۔ اِسے 1985 میں ملک کے مالیاتی اور کاروباری منڈیوں کی ضرورت کے مطابق خصوصی طور پر تیار کیا گیا اور وقت کے جدید تقاضوں کے ساتھ ساتھ اس میں بہتری لانے کا سلسلہ جاری ہے۔

بی کام میں داخلے کے لئے انٹرمیڈیٹ مساوی تعلیم میں پاس ہونا ضروری ہے۔ بی کام ڈگری کے حامل طلبہ کمرشل بنکوں اور مالیتی اداروں میں بطور کیشئر اور OG-III کرنے کے اہل ہوسکیں گے۔ اس کے علاوہ سرکاری نیم سرکاری اور نجی اداروں میں بطور آڈیٹر، اسسٹنٹ آڈیٹر، اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ، اسسٹنٹ منیجر کے بھی اہل ہوسکیں گے۔

بی کام چار سمسٹر پر مشتمل دو سالہ پروگرام ہے۔ جس میں طالب علم کو آٹھ مکمل کریڈٹ کورسز پاس کرنا ہوں گے۔ ذریعہ تعلیم فاصلاتی ہے اس میں ٹیوٹوریل کلاسز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ جہاں ٹیوٹر حضرات طالب علموں کی رہنمائی کے لئے موجود ہوتے ہیں۔ درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ کچھ کورسز کے لئے آڈیو وڈیو سی ڈیز بھی بھیجی جاتی ہیں۔ درسی مواد کو ہر لحاظ سے مکمل بنانے اور مزید وضاحت اور تقویت کے لئے ریڈیو اور ٹیلی وژن کے پروگرام بھی پیش کیئے جاتے ہیں۔

کسی بھی کورس میں کامیابی کے لئے طالب علموں کو امتحانی مشقوں اور آخری امتحان میں کم از کم 40% نمبر لینا ضروری ہیں۔ طلبہ آخری سمسٹر کے دوران یا بعد میں 3 ماہ کی پریکٹیکل ٹریننگ کسی تجارتی ادارے، بنک یا کمپنی کے ساتھ مکمل کریں گے۔ یہ ٹریننگ ڈگری کے حصول کے لئے لازمی ہے۔

## بی کام(B.Com)

تمام سمسٹرز اور مضامین لازمی ہیں۔

پہلا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0416 | اسلامیات **یا** | اردو | نصف |
| 0418 | اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلبہ کے لیے) | اردو | نصف |
| 0417 | مطالعہ پاکستان | اردو | نصف |
| 1423 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | نصف |
| *1431 | * Basics of Information & Communication Technology | انگلش | نصف |

*اس کورس کی کتاب انگریزی میں ہے تاہم طلبہ امتحانی مشقیں(Assignments)اور امتحان اردو یا انگریزی میں دے سکتے ہیں۔

دوسرا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0438 | پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ | انگلش | نصف |
| 1424 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English-II | انگلش | نصف |
| 0402 | اکنامکس | انگلش/اردو | مکمل |
| | **تیسرا سمسٹر** | | |
| 0463 | فنڈامینٹلز آف بزنس | انگلش | نصف |
| 0460 | مرکنٹائل لاء | انگلش | نصف |
| 0444 | ایڈوانسڈ اکاؤنٹنگ | انگلش | نصف |
| 1429 | بزنس میتھمیٹکس | انگلش | نصف |
| | **چوتھا سمسٹر** | | |
| 0462 | کاسٹ اکاؤنٹنگ | انگلش | نصف |
| 0456 | بزنس ٹیکسیشن | انگلش | نصف |
| 0481 | آڈیٹنگ | انگلش | نصف |
| 1430 | بزنس سٹیٹسٹکس | انگلش | نصف |

## 3.3۔ بی اے لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز، ابلاغ عامہ، بی اے جنرل اور بی اے درس نظامی

(i) بی اے پروگرام میں داخلے کے لیے سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری میں تمام لازمی کورسز بشمول انگلش میں پاس ہونا ضروری ہے ورنہ داخلہ نہ ہوگا۔

(ii) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ہائر سیکنڈری سٹیفکیٹ مکمل کرنے والے طلباء و طالبات پروویژنل سٹیفکیٹ یا سند کی مصدقہ نقل ساتھ لف کریں۔ (رزلٹ کارڈز پر داخلہ ممکن نہیں ہوگا)۔ انٹرنیٹ سے لیا گیا پرنٹ قابل قبول نہیں۔

(iii) داخلے کے لیے ایف اے/ ایف ایس سی اسناد یا یونیورسٹی/ بورڈ سے جاری شدہ مارکس شیٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں داخلہ فارم کے ساتھ لف کریں۔ (سکول/ کالج کے جاری کردہ پروویژنل سرٹیفکیٹ پر داخلہ نہیں دیا جائے گا۔) انٹرنیٹ سے لیا گیا پرنٹ بھی قابل قبول نہیں۔

(iv) ثانویہ عامہ/ فاضل عربی/ اردو وغیرہ کے حامل امیدواران کے لیے انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین IBCC کا جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) داخلہ فارم کے ہمراہ منسلک کرنا لازم ہے بصورت دیگر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔

(v) طالب علم داخلہ فارم پر اپنے منتخب کردہ گروپ کا نام لکھیں۔

(vi) دوسری یونیورسٹیوں اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے گریجویٹ بی اے کے کورسز میں سے کسی ایک کورس یا زیادہ میں اضافی طور پر داخلہ لے سکتے ہیں۔ انہیں کسی بھی گروپ میں شامل کورسز میں داخلہ پر دوبارہ ڈگری جاری نہیں کی جائے گی البتہ انہیں اضافی کورس پاس کرنے کا سرٹیفکیٹ مل سکے گا۔

(vii) غیر مسلم طلباء و طالبات کے لیے اسلامیات کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔ مسلمان

طلباء و طالبات اخلاقیات اور غیر مسلم طلباء و طالبات اسلامیات لازمی کا مضمون نصف کریڈٹ کے طور پر نہیں لے سکتے۔

(viii) نامکمل داخلہ فارم کے بارے میں طلباء کو اعتراض سے آگاہ کر دیا جاتا ہے۔ اگر طلباء مقرر کردہ آخری تاریخ تک اعتراض دور کر کے شعبہ داخلہ کو ثبوت مہیا کر دیں تو داخلہ اُسی سمسٹر میں ممکن ہو جاتا ہے ورنہ داخلہ اگلے سمسٹر میں اعتراض دور کرنے کے بعد ہوگا۔ لہٰذا داخلہ فارم مکمل طور پر درُست کوائف اور فیس کے ساتھ بینک میں جمع کرایا جائے۔ دوسری صورت میں داخلہ نہ ہونے کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

(ix) داخلہ ہو جانے اور کتب کی ترسیل کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

(x) پہلی دفعہ داخلہ لینے والوں کے لیے فیس کے ہمراہ رجسٹریشن فیس جمع کرانا لازمی ہے۔ رجسٹریشن فیس جمع نہ کروانے کی صورت میں داخلہ ممکن نہیں ہوگا۔

(xi) یاد رہے کہ سمسٹر کے دوران کورس یا پتہ کی تبدیلی ممکن نہیں ہے لہٰذا فارم پُر کرتے وقت پوری سوچ بچار سے کورسز اور پتہ تحریر کریں۔ صرف مخصوص حالات کے پیش نظر کورس میں تبدیلی پہلی امتحانی مشق جمع کروانے کی آخری تاریخ سے پہلے فی کورس -/250 روپے فیس جمع کروانے اور موصول شدہ کتب شعبہ ترسیل کو واپس کرنے کی صورت میں ممکن ہوگی۔

## (ب) بی اے درس نظامی

(i) بی اے درس نظامی (شہادۃ العالیہ) میں داخلے کے لیے ثانویہ خاصہ اور انٹرمیڈیٹ مع انگلش یا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے انٹرمیڈیٹ سطح کا درس نظامی پاس ہونا ضروری ہے۔ داخلہ فارم کے ساتھ سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں منسلک کریں بصورتِ دیگر داخلہ نہیں ہوگا۔

(ii) ایسے طلباء اور طالبات جنہوں نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے منظور شدہ وفاقوں اور دینی مدارس (جن کی فہرست صفحہ نمبر 12 پر موجود ہے) کی سند کی بنیاد پر (FA) کے صرف لازمی مضامین پاس کیے ہیں وہ طلبہ و طالبات انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) اسلام آباد کا جاری کردہ (FA) کی برابری Equivalenc کا سرٹیفکیٹ منسلک کریں بصورت دیگر داخلہ فارم ناقابلِ قبول ہوگا۔

## معلومات و ہدایات برائے بی اے سطح کے تمام گروپ اور درس نظامی پروگرام

(i) بیچلر پروگرام چار سمسٹر پر مشتمل ہے۔

(ii) طالبِ علم ایک سمسٹر میں زیادہ سے زیادہ دو مکمل یا چار نصف یا ایک مکمل دو نصف کورسز میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ دو نصف کورس ایک مکمل کورس کے برابر ہیں۔

(iii) بی اے کی ڈگری کے حصول کے لیے آٹھ مکمل کورس یا اس کے مساوی کورسز (چار سمسٹرز) کی کامیاب تکمیل ضروری ہے۔

(iv) درسِ نظامی گروپ کے طلبہ کے لیے دینی مدارس میں جو نصاب پڑھایا جاتا ہے ان میں بعض مضامین کا یونیورسٹی اپنے طریقہ کار کے مطابق امتحان لے گی اور جو مضامین نہیں پڑھائے جاتے وہ فاصلاتی طریقہ تدریس کے ذریعے پڑھائے جائیں گے۔

(v) یونیورسٹی دینی مدارس کے طلبہ کو پڑھائے جانے والے مضامین کی کتابیں نہیں بھیجے گی البتہ ہر کورس کی امتحانی مشقیں ارسال کی جائیں گی اور ہر کورس کے لیے ٹیوٹر مقرر کیے جائیں گے۔ جو امتحانی مشقیں جانچیں گے۔

# لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز گروپ

## پہلا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0416 | اسلامیات **یا** | اردو | نصف |
| 0418 | اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلبہ کے لیے) | اردو | نصف |
| 0417 | مطالعہ پاکستان | اردو | نصف |
| 1423 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | نصف |
| اختیاری | کوئی ایک نصف کریڈٹ کورس اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں۔ | | |

## دوسرا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 1424 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English-II | انگلش | نصف |
| 0422 | وسائل کتب خانہ: تنظیم و ترتیب | اردو | مکمل |
| اختیاری | کوئی ایک نصف کریڈٹ کورس اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں۔ | | |

## تیسرا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0423 | خدمات کتب خانہ | اردو | مکمل |
| اختیاری | کوئی ایک مکمل **یا** دو نصف کریڈٹ کورسز اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں۔ | | |

## چوتھا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0466 | کتب خانوں کی تاریخ بحوالہ پاکستان | اردو | مکمل |
| 0467 | درجہ بندی و کیٹلاگ سازی | اردو | مکمل |

## اختیاری مضامین (لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز گروپ)

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0404 | اردو | اردو | مکمل |
| 0419 | علم التعلیم | اردو | مکمل |
| 0427 | پاکستانی ادب-I | اردو | نصف |
| 0431 | رپورٹنگ | اردو | نصف |
| 0451 | تعلقات عامہ | اردو | نصف |
| 0452 | ابلاغ عامہ | اردو | نصف |
| 0455 | تدوین کتب | اردو | نصف |
| 0461 | ایڈورٹائزنگ | اردو | نصف |
| *1431 | * Basics of Information & Communication Technology | انگلش | نصف |

*اس کورس کی کتاب انگریزی میں ہے تاہم طلبہ امتحانی مشقیں (Assignments) اور امتحان اردو یا انگریزی میں دے سکتے ہیں۔

# ابلاغ عامہ گروپ (Mass Communication)

## پہلا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0416 | اسلامیات **یا** | اردو | نصف |
| 0418 | اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلبہ کے لیے) | اردو | نصف |
| 0417 | مطالعہ پاکستان | اردو | نصف |
| 1423 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | نصف |
| اختیاری | کوئی ایک نصف کریڈٹ کورس اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں۔ | | |

## دوسرا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 1424 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English - II | انگلش | نصف |
| 0430 | اصول صحافت | اردو | مکمل |
| اختیاری | کوئی ایک نصف کریڈٹ کورس اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں۔ | | |

## تیسرا سمسٹر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 0431 | رپورٹنگ | اردو | نصف |
| 0452 | ابلاغ عامہ | اردو | نصف |
| اختیاری | کوئی ایک مکمل **یا** دو نصف کریڈٹ کورسز اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں۔ | | |

## چوتھا سمسٹر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 0451 | تعلقات عامہ | اردو | نصف |
| 0453 | ریڈیو براڈ کاسٹنگ | اردو | نصف |
| 0454 | ٹی وی براڈ کاسٹنگ | اردو | نصف |
| 0461 | ایڈورٹائزنگ | اردو | نصف |

## اختیاری کورسز (ابلاغ عامہ گروپ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 0413 | عمرانیات (حصہ دوم) | اردو | نصف |
| 0449 | مجلّاتی صحافت | اردو | نصف |
| 0455 | تدوین کتب | اردو | نصف |
| 0458 | کمیونٹی ڈیویلپمنٹ | اردو | مکمل |
| 1421 | ابتدائی ماحولیات Introduction to Enironment | انگلش | نصف |
| *1431 | * Basics of Information & Communication Technology | انگلش | نصف |

*اس کورس کی کتاب انگریزی میں ہے تاہم طلبہ امتحانی مشقیں (Assignments) اور امتحان اردو یا انگریزی میں دے سکتے ہیں۔

# بی اے (جنرل گروپ)

## پہلا سمسٹر

| کوڈ نمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0416 | اسلامیات **یا** | اردو | نصف |
| 0418 | اخلاقیات (صرف غیر مسلم طلبہ کے لیے) | اردو | نصف |
| 0417 | مطالعہ پاکستان | اردو | نصف |
| 1423 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | نصف |
| اختیاری | کوئی ایک نصف کریڈٹ کورس اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں۔ | | |

## دوسرا سمسٹر

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1424 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory Engllish - II | انگلش | نصف |
| اختیاری | کوئی ایک مکمل اور ایک نصف **یا** تین نصف کریڈٹ کورسز اختیاری مضامین سے بھی منتخب کریں | | |

## تیسرا سمسٹر

کوئی دو مکمل **یا** ایک مکمل اور دو نصف **یا** چار نصف کریڈٹ کورسز اختیاری مضامین سے منتخب کریں۔

## چوتھا سمسٹر

کوئی دو مکمل **یا** ایک مکمل اور دو نصف **یا** چار نصف کریڈٹ کورسز اختیاری مضامین سے منتخب کریں۔

## اختیاری مضامین (جنرل گروپ)

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0402 | معاشیات | اردو/انگلش | مکمل |
| 0404 | اردو | اردو | مکمل |
| 0405 | اقبالیات | اردو | مکمل |
| 0406 | معاشیات پاکستان | اردو | مکمل |
| 0407 | جدید دنیائے اسلام | اردو | مکمل |
| 0408 | عربی | عربی | مکمل |
| 0409 | کمرشل جغرافیہ | اردو | مکمل |
| 0411 | عمرانیات-I | اردو | مکمل |
| 0412 | سوشل وکلچرل انتھروپالوجی | اردو | مکمل |
| 0413 | عمرانیات-II | اردو | نصف |
| 0414 | آبادیات | اردو | مکمل |
| 0419 | علم التعلیم | اردو | مکمل |
| *0422 | وسائل کتب خانہ: تنظیم وترتیب | اردو | مکمل |
| *0423 | خدمات کتب خانہ | اردو | مکمل |
| 0426 | پاکستانی ادب-II | اردو | مکمل |
| 0427 | پاکستانی ادب-I | اردو | نصف |
| 0429 | لٹریسی اینڈ ماس ایجوکیشن | اردو | مکمل |
| 0430 | اصول صحافت | اردو | مکمل |
| 0431 | رپورٹنگ | اردو | نصف |
| 0433 | اقبال کی فارسی شاعری | اردو | نصف |
| 0434 | اقبال کی اردو نثر | اردو | نصف |

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0436 | سیرت طیبہ | اردو | مکمل |
| 0437 | اسلامیات | اردو | مکمل |
| *0438 | پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ | انگلش | نصف |
| 0439 | ایڈورٹائزنگ اینڈ سیلز پروموشن | انگلش | نصف |
| *0444 | ایڈوانس اکاؤنٹنگ | انگلش | نصف |
| 0445 | اردو ادب کی تاریخ | اردو | مکمل |
| 0447 | مارکیٹنگ مینجمنٹ | انگلش | نصف |
| 0449 | مجلاتی صحافت | اردو | نصف |
| 0451 | تعلقات عامہ | اردو | نصف |
| 0452 | ابلاغ عامہ | اردو | نصف |
| 0453 | ریڈیو براڈ کاسٹنگ | اردو | نصف |
| 0454 | ٹی وی براڈ کاسٹنگ | اردو | نصف |
| 0455 | تدوین کتب | اردو | نصف |
| 0456 | بزنس ٹیکسیشن | انگلش | نصف |
| 0458 | کمیونٹی ڈیویلپمنٹ | اردو | مکمل |
| 0460 | مرکنٹائل لاء | انگلش | نصف |
| 0461 | ایڈورٹائزنگ | اردو | نصف |
| 0462 | کاسٹ اکاؤنٹنگ | انگلش | نصف |
| 0463 | فنڈامینٹلز آف بزنس | انگلش | نصف |
| 0464 | اسلامی فقہ | اردو | مکمل |
| 0465 | ترقیاتی آبادیات | اردو | مکمل |

*0438اور*0444 کورسز ایک سمسٹر میں لئے جاسکتے ہیں لیکن 0444 کورس0438 سے پہلے نہیں لیا جاسکتا۔

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| **0466 | کتب خانوں کی تاریخ بحوالہ پاکستان | اردو | مکمل |
| **0467 | درجہ بندی و کیٹلاگ سازی | اردو | مکمل |
| 0470 | پرنسپلز آف مارکیٹنگ | انگلش | نصف |
| 0472 | قرآنِ حکیم (ترجمہ وتفسیر سورۃ البقرہ وآلِ عمران) | اردو/عربی | مکمل |
| 0473 | حدیث (مشکوۃ شریف۔کتاب الایمان تا باب زیارت القبور) | اردو/عربی | مکمل |
| 0481 | آڈیٹنگ | انگلش | نصف |
| 0482 | فوڈ مائیکرو بائیولوجی | اردو | نصف |
| 0484 | غذا اور غذائیت | اردو | نصف |
| 0485 | صحت اور غذائیت | اردو | نصف |
| 0487 | بچے کی نشوونما | اردو | نصف |
| 1421 | ابتدائی ماحولیات Introduction to Environment | انگلش | نصف |
| 1422 | ماحولیاتی آلودگی Environmental Pollution | انگلش | نصف |
| 1425 | Basics of Technical Writings | انگلش | نصف |
| 1426 | English Literature | انگلش | نصف |
| 1429 | بزنس میتھمیٹکس | انگلش | نصف |
| 1430 | بزنس سٹیٹسٹکس | انگلش | نصف |
| *1431 | *Basics of Information & Communication Technology | انگلش | نصف |

*اس کورس کی کتاب انگریزی میں ہے تاہم طلبہ امتحانی مشقیں (Assignments) اور امتحان اردو یا انگریزی میں دے سکتے ہیں

**0466 اور **0467 کورسز میں داخلہ لینے سے پہلے *0422 اور *0423 کورسز پاس کرنا لازمی ہیں

**نوٹ:** بی اے سطح کے تمام گروپ میں لازمی انگریزی (حصہ دوم) میں داخلہ لینے سے پہلے (حصہ اول) پڑھیں۔ اس کے علاوہ لازمی انگریزی (حصہ اول) اور (حصہ دوم) ایک ہی سمسٹر میں نہیں لئے جا سکتے۔

## بی اے درسِ نظامی (الشہادۃ العالیۃ)

### تمام سمسٹرز اور مضامین لازمی ہیں

### پہلا سمسٹر

| کوڈنمبر | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0472 | قرآنِ حکیم (ترجمہ وتفسیر سورۃ البقرہ وآلِ عمران) | اردو/عربی | مکمل |
| 0473 | حدیث (مشکوۃ شریف،کتاب الایمان تا باب زیارۃ القبور) | اردو/عربی | مکمل |
| | **دوسرا سمسٹر** | | |
| 0474 | اسلامی فقہ (ہدایہ جلد سوم۔کتاب البیوع تا کتاب الوکالۃ) | اردو/عربی | مکمل |
| 0475 | اصول فقہ (نورالانوار) | اردو/عربی | مکمل |
| | **تیسرا سمسٹر** | | |
| 0476 | فلسفہ شریعت اسلامی (حجۃ اللہ البالغہ از ابتدا تا بحث ششم) | اردو/عربی | مکمل |
| | **درسِ نظامی کے لیے یونیورسٹی کے لازمی کورسز** | | |
| 1423 | لازمی انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | نصف |
| 0416 | اسلامیات | اردو | نصف |
| | **چوتھا سمسٹر** | | |
| 0417 | مطالعہ پاکستان | اردو | نصف |
| 0408 | عربی | عربی/اردو | مکمل |
| 1424 | لازمی انگریزی (حصہ دوم) Compulsory English - II | انگلش | نصف |

# 4- سرٹیفکیٹ کورسز

## 4.1- اللسان العربی سرٹیفکیٹ کورس

اللسان العربی یونیورسٹی کے ابتدائی پروگراموں میں سے ایک ہے۔ روزمرہ عربی بول چال کا یہ پروگرام بھی ایک سمسٹر پر مبنی ہے۔ عربی زبان کی مؤثر تدریس کے لئے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ابتدائی عربی کورس ''اللسان العربی'' کے نام سے پیش کیا جاتا ہے۔ مراسلاتی اسباق کے ساتھ ساتھ ہفتہ وار ریڈیو پروگرام اور مطالعاتی مراکز میں اساتذہ کی سہولت مہیا کی گئی ہے۔ یہ کورس ہر سال بہار/خزاں دونوں سمسٹر میں پیش کیا جاتا ہے۔ F.M ریڈیو 91.6 پر مقامی طلبہ کے لیے صبح 11 سے 01 بجے اور شام 4 سے 6 بجے یہ پروگرام پیش کیا جاتا ہے۔ ریڈیو پروگرام کی تفصیل ریڈیو شیڈول میں درج ہے۔

| کوڈنمبر | کورس | مدت کورس | فیس مع رجسٹریشن، داخلہ، ٹیکنالوجی اور کوریئر چارجز |
|---|---|---|---|
| 0110 | اللسان العربی | چھ ماہ | -/835 روپے |
| 0114 | عربی بول چال | چھ ماہ | -/835 روپے |

کامیاب ہونے والے طلبہ کو سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا ہے۔ اس کورس میں داخلے کے لئے میٹرک پاس ہونے کی شرط نہیں، اردو پڑھنے کی صلاحیت اور عربی زبان سیکھنے کا شوق کافی ہے۔ 0114 کورس BCS میں بھی شامل ہے جو عربی بول چال پر مبنی ہے اور اس کی مدت بھی صرف چھ ماہ ہے۔

## 4.2- لغۃ القرآن سرٹیفکیٹ کورس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ اس جامعہ نے ایک قلیل عرصہ میں قومی اور بین الاقوامی جامعات میں ایک ممتاز مقام حاصل کرلیا ہے۔ جامعہ میں ابتدائی سطح سے لے کر اعلیٰ تعلیمی سطح تک کے پروگرام پیش کیے گئے ہیں۔ مختلف تعلیمی پروگراموں میں طلبہ وطالبات کی تعداد ایک تعلیمی سال (دو سمسٹرز) میں کم وبیش چودہ لاکھ تک پہنچ چکی ہے۔ جامعہ کی ترقی میں شعبہ عربی گراں قدر خدمات سرانجام دے رہا ہے۔

یونیورسٹی نے جب اپنے تعلیمی پروگراموں کا آغاز کیا تو سب سے پہلے ''اللسان العربی'' کا پروگرام فاصلاتی نظام تعلیم و تدریس کے ذریعہ پیش کیا گیا جسے علمی حلقوں میں بہت پذیرائی حاصل ہوئی۔ بعدازاں شعبہ عربی نے عربی بول چال میٹرک، انٹرمیڈیٹ، بی اے، ایم اے اور ایم فل کی سطح تک عربی پڑھانے کا اہتمام کیا۔ الحمدللہ یہ تمام کورسز ملک بھر میں جاری وساری ہیں اور طلبہ وطالبات برابر استفادہ کر رہے ہیں۔ ان عربی پروگراموں کی بدولت یہ طلباء عرب ممالک میں مختلف وظائف پر فائز ہیں اور پاکستان کے لیے زرمبادلہ کے حصول میں کوشاں ہیں۔ انشاءاللہ ایم فل (عربی) کی کامیابی کے بعد پی ایچ ڈی (عربی) کا پروگرام بھی پیش کیا جائے گا۔ یہ پروگرام جامعہ کی تمام تعلیمی وانتظامی منظوری کے مراحل حاصل کر چکا ہے۔

چندسال قبل بے شمار خواتین وحضرات نے یونیورسٹی انتظامیہ کو خطوط تحریر کیے اور استدعا کی کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کی جانب سے ایک ایسے کورس کا اجراء کیا جائے جو قرآن حکیم کی زبان (عربی) کی تفہیم وتدریس پر مشتمل ہو۔ جامعہ نے اس تجویز کو سراہتے ہوئے شعبہ عربی کو یہ کام تفویض کیا۔ چنانچہ شعبہ عربی کے اساتذہ نے فوراً ہی کورس کا خاکہ تیار کیا اور ملک کے نامور عربی اساتذہ سے مشاورت کے لیے میٹنگ بلائی۔ اس اجتماع میں تفصیل کے ساتھ کورس کا جائزہ لیا گیا اور بالآخر موجودہ کورس تجویز ہوا جسے جامعہ کی تمام باڈیز نے منظور کیا۔ الحمدللہ اب یہ کورس کتابی شکل میں پیش خدمت ہے جسے فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعہ پڑھایا جائے گا تاکہ قرآن حکیم کو سمجھنے میں آسانی ہو۔ ''لغۃ القرآن'' کے کورس کی تفصیل درج ذیل ہے:

| کوڈنمبر | کورس | مدت کورس | فیس مع رجسٹریشن، داخلہ، ٹیکنالوجی اور کوریئر چارجز |
|---|---|---|---|
| 0109 | لغۃ القرآن | چھ ماہ | -/835 روپے |

☆ یہ کورس ایک سمسٹر پر مشتمل ہے اور جس کی مدت چھ ماہ ہے۔

☆ یہ کورس نان کریڈٹ ہے اس لیے اس میں داخلہ کے لیے اردو پڑھنا، لکھنا اور سمجھنا کافی ہے۔

☆ یہ کورس جامعہ کی طرف سے سال میں دوبار پیش کیا جائے گا۔

☆ تقویتی مواد کے طور پر الیکٹرانک میڈیا کا استعمال کیا جائے گا۔ اس کے لیے ٹی وی، ریڈیو پروگرام بھی تشکیل دیے گئے ہیں اور اسی طرح اس پروگرام کو On Line بھی کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں ہفتہ وار ٹیوٹوریل تدریس بھی ہوگی۔

☆ اس کورس کی چار مشقیں ہوں گی جن میں پاس ہونا لازمی ہے۔

☆ کورس کے اختتام پر فائنل امتحان ہوگا جس میں کامیاب طلبہ وطالبات کو جامعہ کی طرف سے سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

## 5- پیشہ ورانہ سرٹیفکیٹ کورسز

سٹیفکیٹ سطح پر یونیورسٹی مختلف نوعیت کے عملی، تکنیکی، پیشہ ورانہ، زرعی اور ٹیکنیکل کورسز پیش کرتی ہے۔

### 5.1- سرٹیفکیٹ ان لائبریرین شپ

سرٹیفکیٹ کی تکمیل کے لئے دو مکمل کورسوں میں کامیابی لازمی ہے۔

**شرائط:** لائبریرین شپ سرٹیفکیٹ میں داخلے کے لیے ہائرسیکنڈری (انٹرمیڈیٹ) میں کامیابی لازمی ہے۔

| کورس کوڈ | مضامین | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0422 | وسائل کتب خانہ تنظیم وترتیب | اردو | مکمل |
| 0423 | خدمات کتب خانہ | اردو | مکمل |

لائبریری سرٹیفکیٹ کورسز میں داخلہ بہار اور خزاں دونوں سمسٹروں میں ہوتا ہے۔ فیس برائے دو مکمل کورسز مع رجسٹریشن، داخلہ، ٹیکنالوجی اور کوریئر چارجز **1900/-** روپے ہے۔

### 5.2- گھریلو مصنوعات کی فروخت

| کورس کوڈ نمبر | کورس | میڈیم | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| 0200 | گھریلو مصنوعات کی فروخت | اردو | مکمل |

کل فیس: **960/-** روپے (فیس مع رجسٹریشن، داخلہ، ٹیکنالوجی اور کوریئر چارجز)

### 5.3- زرعی کورسز

یونیورسٹی زراعت سے متعلق سیکنڈری/ ہائرسیکنڈری سطح پر درج ذیل کورسز پیش کر رہی ہے جو شہروں اور دیہات میں رہنے والے مردوں، عورتوں اور نوجوانوں کے لئے یکساں مفید ہیں۔ ان کورسوں کا مقصد زراعت اور حیوانات سے متعلق جدید معلومات فراہم کرنا ہے۔

| کوڈ نمبر | مضامین | مدت | شرائط تعلیمی معیار |
|---|---|---|---|
| 0211 | مرغبانی | ایک سمسٹر | مڈل |
| 0219 | گھریلو زرعی امور | ایک سمسٹر | مڈل |
| 0313 | ڈیری فارمنگ | ایک سمسٹر | میٹرک |
| 0326 | نفع بخش زرعی مہارتیں | ایک سمسٹر | میٹرک |
| 0327 | فارم مشینری | ایک سمسٹر | میٹرک |
| 0328 | تیل دار فصلوں کی کاشت | ایک سمسٹر | میٹرک |
| 0329 | جدید زراعت | ایک سمسٹر | میٹرک |
| 0342 | باغبانی کے عملی طریقے | ایک سمسٹر | میٹرک |
| 0349 | پودوں کی حفاظت | ایک سمسٹر | میٹرک |

فیس مع رجسٹریشن، داخلہ، ٹیکنالوجی اور کوریئر چارجز **855/-** روپے فی کورس ہے۔

## 5.4۔ ٹیکنیکل کورسز

سائنسی ترقی کے اس تیز رفتار دور میں فنی تعلیم حاصل کرنا ضروری ہوگیا ہے۔علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، فنی تعلیم وتربیت کو عام کرنے کے ملکی سطح پر درج ذیل سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری سطح کے ٹیکنیکل کورسز پیش کررہی ہے:

| کوڈنمبر | مضامین | مدت | سطح | شرائط تعلیمی معیار |
|---|---|---|---|---|
| 0212 | گھریلو برقی آلات کی دیکھ بھال اور مرمت | 6ماہ/ایک سمسٹر | میٹرک | مڈل |
| 0307 | الیکٹریکل وائرنگ | 6ماہ/ایک سمسٹر | انٹرمیڈیٹ | میٹرک |
| 0332 | آٹوسروسنگ | 6ماہ/ایک سمسٹر | انٹرمیڈیٹ | میٹرک |
| 0344 | بنیادی برقیات | ماہ/ایک سمسٹر | انٹرمیڈیٹ | میٹرک |

**نوٹ:**

☆ میٹرک کے کورس کوڈ 0212 کی داخلہ فیس معہ رجسٹریشن، ٹیکنالوجی اور کورئیر چارجز **970** روپے ہے

☆ انٹرمیڈیٹ کے کورس کوڈز 0307، 0332 اور 0344 کی داخلہ فیس مع رجسٹریشن فیس، ٹیکنالوجی اور کورئیر چارجز مبلغ **-/995** روپے فی کورس ہے۔

## 6- طریقہ تعلیم کے اہم اجزا

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے بیشتر کورسز اردو زبان میں ہیں لیکن انگریزی میں پیش کردہ کورسز کی تعداد بھی کم نہیں۔ جو کورسز اردو میں ہیں ان کا امتحان اردو میں اور جو انگریزی میں ہیں، ان کا امتحان انگریزی زبان میں دینا ہوگا۔مزید معلومات کے لیے اپنے متعلقہ علاقائی دفتر یا یونیورسٹی کے شعبہ داخلہ سے رجوع کریں۔

یونیورسٹی کے طلبہ پورے ملک میں پھیلے ہوئے ہیں اس لئے انہیں فاصلاتی طریقہ تعلیم کے اصولوں کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔جس میں تعلیم کا انحصار مندرجہ ذیل اجزاء پر ہوتا ہے:

(i) درسی مواد (ii) امتحانی مشقیں (iii) عملی کام

(iv) جزوقتی اساتذہ سے راہنمائی (v) ریڈیو/ٹیلی ویژن پروگرام

(vi) آخری امتحان (vii) کورس کا نتیجہ (viii) گریڈنگ سسٹم

### (i) درسی مواد

طلبہ کے لئے درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ ہر کورس میں درسی مواد کے یونٹوں کی تعداد مقرر ہے۔ یونٹ میں ایک ہفتے کا درسی کام ہوتا ہے۔ ہر یونٹ کے شروع میں اس کے مقاصد پھر اسی ترتیب سے یونٹ کے مختلف موضوعات اور ہر موضوع کے بعد خود آزمائی (اپنا امتحان آپ) کے سوالات ہوتے ہیں۔ ان سوالات سے طلبہ کو اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے کورس کو کس حد تک سمجھا ہے۔طلبہ کو درسی مواد بذریعہ ڈاک روانہ کیا جاتا ہے۔

### (ii) امتحانی مشقیں

ہر کورس کے لئے اس کی نوعیت کے اعتبار سے امتحانی مشقوں کی ایک مخصوص تعداد مقرر کی گئی ہے۔طلبہ کے لئے کورس کے دوران یہ امتحانی مشقیں حل کر کے اپنے ٹیوٹر کو بروقت بھیجنا لازمی ہے۔ ٹیوٹر تصحیح اور جانچ پڑتال کے بعد یہ امتحانی مشقیں طالب علم کو واپس بھیج دیتا ہے تاکہ طلبہ اپنی کارکردگی سے باخبر رہیں۔ان مشقوں کے نمبر آخری امتحان میں حاصل کردہ نمبروں میں شامل کر کے نتیجہ مرتب کیا جاتا ہے۔ (ایک مکمل کورس کے لئے چار اور نصف کورس کے لئے دو امتحانی مشقیں حل کرنا ہوتی ہیں۔فنی، عملی کورسوں میں تعداد مختلف ہوسکتی ہے۔امتحانی مشقوں میں کامیابی کے کم از کم نمبر چالیس فیصد ہوتے ہیں۔مقررہ مشقیں بروقت نہ حل کرنے سے نتیجہ متاثر ہوتا ہے اور ان میں ناکامی کی صورت میں دوبارہ داخلہ لینا پڑتا ہے۔)

## (iii) عملی کام پر مشتمل کورسز کے بارے میں ہدایات

جنرل ایف اے میں دو مضامین جن میں مشقی کام کے ساتھ عملی کام بھی کرنے ہوتے ہیں، عملی کام اِس مضمون کا لازمی حصہ ہیں۔ یہ مضامین درج ذیل ہیں۔

☆ فیملی اور کمیونٹی کی صحت (0365) ☆ صحت کے لیے عملی اقدامات (0366)

درج بالا مضامین کے لیے مختص کیے گئے عملی کام اس طرح سے ترتیب دیئے گئے ہیں کہ انہیں اردگرد کے ماحول کے بغور مشاہدے سے بآسانی مکمل کیا جا سکے۔ ان مضامین پر مشتمل عملی کا پیاں مکمل کرنے کے بعد آپ دوسری مشق کے ہمراہ اپنے ٹیوٹر کو روانہ کریں گے تاکہ ان سے حاصل کردہ نمبر یونیورسٹی ہذا کو بروقت پہنچ جائیں۔ یہاں ایک اور بات ذہن نشین کر لیں کہ کورس کوڈ 0365 کے ساتھ آپ کو الگ سے عملی کاپی یونیورسٹی کی طرف سے مہیا کی جاتی ہے جبکہ کورس کوڈ 0366 کے لیے آپ عام سی کاپی بازار سے خریدیں گے اور ان سے متعلق عملی کام دی گئی ہدایات کے مطابق مکمل کر کے اپنے ٹیوٹر کو بروقت روانہ کریں گے۔

## (iv) اساتذہ سے راہنمائی/ ٹیوٹوریل میٹنگز

ملک کے مختلف شہروں میں یونیورسٹی کے تعلیمی مراکز موجود ہیں جہاں دفتری اوقات کے بعد یا چھٹی کے دن مختلف کورس کے اساتذہ طلبہ کی رہنمائی کے لئے موجود ہوتے ہیں۔ ان کلاسز کا شیڈول بھی طلبہ کو درسی کتب کے پیکٹ میں بھیج دیا جاتا ہے تاکہ وقت مقررہ پر مراکز میں آ کر اپنی مشکلات کے حل میں اساتذہ سے مدد لے سکیں۔ مطالعاتی مراکز میں حاضری لازمی نہیں لیکن مفید ضرور ہے۔ طلبہ مراسلت، نشریات اور مطالعاتی مراکز، تینوں ذرائع تعلیم سے مجموعی فائدہ اٹھائیں۔ سمسٹر کے شروع ہوتے ہی ٹیوٹر کی اطلاع نہ ملنے پر اپنے علاقائی دفتر سے رابطہ کریں۔

## (v) ریڈیو، ٹیلی ویژن پروگرام

درسی مواد کو اگرچہ ہر لحاظ سے مکمل بنانے کی کوشش کی جاتی ہے تاہم مزید وضاحت اور تقویت کے لئے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام بھی پیش کئے جاتے ہیں۔ ان پروگراموں کے اوقات کی اطلاع طلبہ کو پہلے سے فراہم کر دی جاتی ہے۔ یونیورسٹی کے تمام طلبہ کی راہنمائی کے لئے ہر اتوار کو ریڈیو پاکستان سے ''جامعہ نامہ'' کا خصوصی پروگرام نشر کیا جاتا ہے۔ اس کا شیڈول (نشر ہونے کے اوقات) درسی کتب کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

## (vi) آخری امتحان

سمسٹر کے اختتام پر آخری امتحان لیا جاتا ہے جس کے لئے طلبہ کو روائتی طریقہ امتحان کی طرح امتحانی مراکز میں حاضر ہونا پڑتا ہے۔ اس کے بارے میں تفصیلی معلومات طلبہ کو پہلے مہیا کر دی جاتی ہیں۔

آخری امتحان میں سوالات متعلقہ کورس کے تمام اسباق سے پوچھے جاتے ہیں۔ آخری امتحان میں صرف وہی طلبہ شریک ہوتے ہیں جنہوں نے مشقی کام میں کامیابی حاصل کر لی ہو۔ آخری امتحان میں ناکامی کی صورت میں دو لگاتار مواقع فراہم کئے جاتے ہیں۔ شیڈول کے مطابق سمسٹر بہار کے امتحان نومبر کے پہلے ہفتے اور خزاں کے امتحان مئی کے پہلے ہفتے میں شروع ہوتے ہیں۔

## (vii) کورس کا نتیجہ

کورس کا نتیجہ مرتب کرنے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

(الف) امتحانی مشقوں اور آخری امتحان کے کل 100 نمبروں کی (Weightage) بالترتیب 70:30 ہے۔

(ب) امتحانی مشقوں اور آخری امتحان، ہر دو میں پاس ہونے کے لئے کم از کم 40 فیصد نمبر لینا ضروری ہیں جبکہ مذکورہ ہر دو اجزاء کا مجموعہ بھی 40 فیصد نمبر لینا لازمی ہیں۔

## (viii) گریڈنگ سسٹم

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں مندرجہ ذیل گریڈنگ سسٹم رائج ہے۔

| | |
|---|---|
| فیل | 40 فیصد سے کم نمبر حاصل کرنے والے |
| گریڈ D | 40 فیصد سے 49 فیصد تک |
| گریڈ C | 50 فیصد سے 59 فیصد تک |
| گریڈ B | 60 فیصد سے 69 فیصد تک |
| گریڈ A | 70 فیصد سے 79 فیصد تک |
| گریڈ +A | 80 فیصد سے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر |

# 7- معلومات فیس

کورس فیس میں مراسلتی مواد کی قیمت، امتحان اور امتحانی مشقوں کی فیس، مطالعاتی مراکز اور ٹیوٹر سے رہنمائی کی سہولت شامل ہے۔ بعض کورسوں کے لئے اضافی کتب خود حاصل کرنا ہوتی ہیں۔

## پہلے سمسٹر کی ٹوٹل فیس

| | |
|---|---|
| **میٹرک** (جنرل گروپ) | 1415/- روپے |
| **میٹرک** (درس نظامی گروپ) | 875/- روپے |
| **ایف اے** (جنرل گروپ/ آئی کام) | 1975/- روپے |
| **ایف اے** (درس نظامی گروپ) | 875/- روپے |
| **بی اے** (جنرل گروپ/ابلاغ عامہ گروپ/BLIS) | 2575/- روپے |
| **بی اے** (جنرل گروپ/ابلاغ عامہ گروپ/BLIS)<br>میں کورس کوڈ 1431 میں داخلہ لینے کی صورت میں | 3000/- روپے |
| **بی کام** | 3000- روپے |
| **بی اے** (درس نظامی گروپ) | 1075/- روپے |

**نوٹ:** پہلے سے رجسٹرڈ طلبہ وطالبات رجسٹریشن فیس (100/- روپے) کم جمع کروائیں۔

## شرح فیس (فیس کی تفصیل)

| پروگرام | رجسٹریشن فیس | داخلہ فیس | ٹیکنالوجی فیس | کوریئر چارجز | فی مکمل کورس فیس | فی نصف کورس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **میٹرک** | 100روپے | 300روپے | 100روپے | 35روپے | 440روپے | 340روپے |
| **ایف اے** | 100روپے | 300روپے | 100روپے | 35روپے | 500روپے | 360روپے |
| **بی اے** | 100روپے | 500روپے | 100روپے | 35روپے | 680روپے | 460روپے |

**فنی/ عملی کورسز کی فیس عام کورسز کی فیس سے مختلف ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:**

میٹرک سطح کے کورس کوڈ 0260 کی فیس مبلغ 660/- روپے ہے۔ ایف اے سطح کے کورس کوڈز (0365,0366,369,1307,1308,1309) فی کورس کی فیس مبلغ 1100/- روپے ہے ایف اے کورس کوڈ 0360 کی فیس 730 روپے۔ بی اے کورس کوڈ 1431 کی فیس 880 روپے ہے

## شرح فیس درس نظامی کورسز

| درس نظامی کورسز میٹرک، ایف اے، بی اے | فی مکمل کورس فیس | فی نصف کورس فیس |
|---|---|---|
| | 170روپے | 140روپے |
| | | |
| **یونیورسٹی کورسز:** | **فی مکمل کورس فیس** | **فی نصف کورس فیس** |
| میٹرک | 170روپے | 140روپے |
| ایف اے | 270روپے | 220روپے |
| بی اے | 330روپے | 240روپے |

## 7.1- فیس اور داخلہ فارم جمع کرانے کا طریقہ کار:

یونیورسٹی نے طلباء کی سہولت کے لئے درج ذیل بینکوں سے باضابطہ معاہدہ کیا ہے جس کی رو سے طلباء داخلہ فارم اور اُس کے ساتھ منسلک کردہ چالان فارم مکمل کر کے فیس اور داخلہ فارم بمعہ مطلوبہ کاغذات فرسٹ ویمن بینک لمیٹڈ (FWB)، الائیڈ بینک لمیٹڈ (ABL)، بینک الفلاح لمیٹڈ (B-Alf) ایم سی بی بینک لمیٹڈ (MCB) اور نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) کی کسی بھی برانچ میں جمع کرا سکتے ہیں

**نوٹ:** داخلہ فیس صرف مذکورہ بالا طریقے سے ادا کی جائے کسی دوسرے ذریعہ یا کسی شخص کو دی جانے والی فیس کی رقم کے لئے یونیورسٹی ہرگز ذمہ دار نہ ہوگی۔

## فیس واپسی کے قواعد وضوابط:

-a ایسے طلباء/ طالبات جنہوں نے فارم اور فیس جمع کروائی ہے مگر داخلہ کی خواہش مند نہیں ہیں اور کتب کی ترسیل سے پہلے اپنی داخلہ فیس واپس لینا چاہتے ہیں ان کو فیس 10% کٹوتی کے بعد واپس کی جائے گی۔

-b جو طلباء/ طالبات اہل نہ ہونے کے باوجود داخلے کیلئے درخواست دے دیتے ہیں ان کی جمع کرائی گئی فیس میں سے 25% کٹوتی کر کے واپس کی جائے گی۔

-c جو طلباء/ طالبات زائد فیس جمع کرواتے ہیں ان کی فیس درخواست وصول ہونے پر ایک سال کے دوران واپس کی جائے گی یا اگلے سمسٹر میں (Adjust) کی جائے گی۔

-d فیس واپسی کا عمل داخلے مکمل ہونے پر طلباء/ طالبات سے اصل رسید نمبر 4 بمع اصل داخلہ فارم موصول ہونے پر کیا جائے گا۔

-e داخلہ نہ ہونے کی صورت میں فیس کی واپسی ایک سال کے اندر ممکن ہے۔ ایک سال کے بعد نہ فیس واپسی کی درخواست پر غور کیا جائے گا اور نہ ہی فیس واپس کی جائے گی۔

-f ایسے طلباء/ طالبات جنہوں نے ایف اے پروگرام کے آٹھ کریڈٹ پاس نہ کیے ہوں اور بی اے میں داخلہ فیس جمع کروادی ہو۔ یہ طلباء/ طالبات اگر بی اے پروگرام کی جمع شدہ فیس پر ایف اے کے بقیہ کورسز میں داخلہ لینے کے خواہش مند ہوں تو ان کی زائد (Excess) فیس ریفنڈ نہیں ہوگی اور نہ ہی آئندہ کسی سمسٹر میں فیس ایڈجسٹ ہوگی۔

## 8- اہم معلومات

1 علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے جاری کردہ سرٹیفکیٹ / ڈگریاں دیگر منظور شدہ یونیورسٹیوں اور بورڈ کے مساوی ہیں۔

2 امیدوار ہر لحاظ سے مکمل داخلہ فارم متعلقہ پروگرام کے لیے مع تصدیق شدہ تعلیمی اسناد، ایک تصویر کے ہمراہ پراسپکٹس میں دی گئی ہدایات کے مطابق ارسال کریں۔

3 سیکنڈری میں انگریزی فیل یا بغیر انگریزی، اسلامیات لازمی اور مطالعہ پاکستان کے طلباء و طالبات کسی پروگرام میں داخلہ کے اہل نہ ہوں گے۔

4 ہائر سیکنڈری میں انگریزی فیل بغیر انگریزی اور اسلامیات لازمی کے طلبہ و طالبات کسی پروگرام میں داخلہ کے اہل نہ ہوں گے۔

5 کتب کی ترسیل کے بعد کورس تبدیل نہیں ہوگا۔

6 دوران سمسٹر طالب علم کا پتہ تبدیل نہیں ہوگا۔

7 **بہار اور خزاں کے سمسٹر کے داخلے بالترتیب فروری اور اگست میں ہوتے ہیں۔ جاری طلبہ (Continuing Students) کو کمپیوٹرائزڈ داخلہ فارم ارسال کئے جاتے ہیں تاہم اگر کسی وجہ سے طالب علم کو یہ فارم موصول نہیں ہوتا تو وہ یونیورسٹی یا اس کے کسی بھی علاقائی دفتر سے قیمت ادا کر کے نیا داخلہ فارم (میٹرک ایف اے، بی اے والا) حاصل کر کے مقررہ تاریخ تک دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق یونیورسٹی کو بھیج سکتا ہے۔ طالب علم اس فارم پر اپنا رول نمبر، رجسٹریشن نمبر اور کورس کوڈز (جن میں وہ داخلہ لے رہا ہے) ضرور تحریر کرے گا۔**

8 کتابوں کے لفافے پر پتہ میں رول نمبر اور رجسٹریشن کا اندراج بھی ہے جسے نوٹ فرما لیں کیونکہ رجسٹریشن نمبر کا مع رول نمبر کورس کوڈ اور سمسٹر کا حوالہ یونیورسٹی کے ساتھ ہونے والی خط وکتابت میں دیا جانا ضروری ہے۔

9 درسی مواد موصول ہونے کے تقریباً پندرہ سے بیس دن کے اندر ہر کورس کے لئے نامزد کئے گئے ٹیوٹر کے بارے میں اطلاع دی جائے گی۔ **اگر آپ کو ٹیوٹر کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں ملتی تو آپ فوری طور پر متعلقہ علاقائی دفتر سے رابطہ کریں** یا آپ اپنی امتحانی مشقیں بلا تاخیر بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک متعلقہ ریجنل ڈائریکٹر کو بھجوا دیں۔

10 یونیورسٹی کے قواعد وضوابط میں وقتاً فوقتاً تبدیلیاں آ سکتی ہیں اور طلبہ پر ان کی پابندی لازم ہے۔

11 پہلے سے داخل کسی پروگرام میں سپیشلائزیشن کی صورت میں طالب علم کو اس بات کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی کہ وہ دوران پروگرام کسی دوسرے پروگرام میں داخلہ لے اور نہ ہی ایک پروگرام سے دوسرے پروگرام میں منتقل ہونے کی اجازت دی جائے گی جب تک وہ اپنے پہلے پروگرام کا داخلہ منسوخ نہ کرائے یا مکمل نہ کر لے۔

12 پروگرام کی کامیاب تکمیل کے بعد گروپ کی تبدیلی ممکن نہیں ہوگی۔ طالب علم شعبہ امتحانات کو سرٹیفکیٹ/ ڈگری کے اجراء کے لئے درخواست دے گا۔

13 یونیورسٹی اپنی پالیسی کے مطابق پراسپیکٹس میں دیئے گئے مندرجات کو کسی پیشگی اطلاع کے بغیر تبدیل کرنے کا استحقاق رکھتی ہے۔

14 **اگر کوئی طالب علم ایک سمسٹر میں بیک وقت دو پروگراموں میں داخلہ لیتا ہے تو دونوں پروگراموں میں داخلہ منسوخ کیا جائے گا اور فیس بھی ضبط کی جائے گی۔**

15 داخلہ فارم پر کسی لفظ کو کاٹ کر مشکوک نہ بنائیں ورنہ داخلہ فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

16 انگریزی میں نام / پتہ درج کرتے وقت بڑے حروف (Capital Letter) استعمال کریں

17 ہر طالب علم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ داخلہ کے آغاز سے لے کر سرٹیفکیٹ ڈگری کے اجراء تک کسی بدعنوانی کے ارتکاب یا شرائط داخلہ کے سہواً یا عمداً نظر انداز کرنے/ ہونے کی صورت میں متعلقہ طالب علم کا داخلہ منسوخ اور فیس ضبط کی جائے گی نیز کسی قسم کے سرٹیفکیٹ یا ڈگری کا اجراء نہیں کیا جائے گا۔

18 میٹرک، ایف اے اور بی اے کی سطح پر داخلہ فارم پر تصویر چسپاں کرنا ضروری ہے چونکہ یہ تصویر رول نمبر سلپ پر پرنٹ کی جائے گی۔ لہٰذا

(a) تصویر صرف فارم میں دیئے گئے خانے میں چسپاں کریں۔

(b) تصویر کا سائز خانے کے مطابق "1.5"x2.0 (یا پاسپورٹ سائز) ہونا چاہیے۔

(c) تصویر میں چہرے کا نمایاں ہونا ضروری ہے۔

(d) تصویر کو گوند سے چسپاں کریں۔ سٹیپلر یا پیپر پن ہرگز استعمال نہ کریں۔

(e) طلباء وطالبات دونوں کے لیے تصویر لازمی ہے اس کے بغیر داخلہ مسترد کر دیا جائے گا

19 میٹرک کے سرٹیفکیٹ میں دیئے گئے نام اور ولدیت کو ہی درست تسلیم کیا جائے گا۔

کسی بھی تعلیمی بورڈ سے جاری شدہ عالم پاس کو ہائر سیکنڈری پر دو مکمل اختیاری کورس، فاضل پاس کو ہائر سیکنڈری سطح پر تین مکمل اختیاری کورس اور بی اے کی سطح پر دو مکمل اختیاری کورس کی رعایت حاصل ہے۔ رعایت صرف ایک ہی پروگرام پر دی جاتی ہے۔ اگر کسی طالب علم نے ہائر سیکنڈری کی سطح پر اس سے استفادہ کر لیا ہے تو وہ بی اے کی سطح پر اس کا حق دار نہیں ہوگا اور نہ ہی اس کورس میں رعایت دی جائے گی۔ جس میں طالب علم عالم/ فاضل ہوں گے۔ اگر طالب علم یہ رعایت کسی اور بورڈ یا یونیورسٹی سے حاصل کر چکا ہے تو وہ کسی بھی کورس میں اس کا حق دار نہیں ہوگا نیز درج ذیل شرائط پوری کرنے پر طلباء وطالبات رعایت کے مستحق ہوں گے

(a) داخلہ سے قبل از وقت طالب علم کا فاضل/ عالم پاس ہونا ضروری ہے۔

(b) دوران داخلہ فاضل/ عالم پاس کرنے والے طلباء رعایت کے مستحق نہیں ہوں گے۔

(c) جن مضامین میں طالب علم نے فاضل/ عالم پاس کیا ہوگا وہ ایف اے اور بی اے کی سطح پر اختیاری مضامین کے طور پر شامل نہیں کئے جائیں گے۔ ایف اے جنرل اور بی اے جنرل گروپ میں رعایت ہوگی۔

(d) درسی مواد موصول ہونے کے بعد اگر طالب علم محسوس کرے کہ نام ولدیت یا پتہ میں کوئی غلطی ہے یا کورس جو داخلہ فارم پر لکھا گیا تھا اس کے مطابق نہیں ہے تو فوری تصحیح کے لیے ڈائریکٹر شعبہ داخلہ کو مطلع کریں۔ مطلع نہ کرنے کی صورت میں یونیورسٹی ذمہ دار نہ ہوگی۔

20 داخلہ کورس کوڈز (Course Codes) کے مطابق دیا جاتا ہے لہٰذا داخلہ فارم پر کرتے وقت (Course Codes) انتہائی توجہ کے ساتھ لکھیں۔ (Course Codes) نہ ہونے کی صورت میں مضمون کے ٹائٹل کے مطابق داخلہ دیا جائے گا اور غلطی کی صورت میں طالب علم کو پہلی مشق کی تاریخ سے قبل تبدیلیٔ کورس کی فیس ادا کرنا ہوگی۔ جس کا ذمہ دار وہ خود ہوگا۔

21 شعبہ اسٹوڈنٹ افیئرز، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسٹوڈنٹ سپورٹ فنڈ کے ذریعے محدود مالی وسائل کے حامل طلباء و طالبات کو تعلیمی سہولتیں فراہم کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں علاقائی دفاتر کے ذریعے طلبہ کی ایک بڑی تعداد کو مالی معاونت کی سہولت دی جا رہی ہے۔ مستحق طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اس سکیم سے فائدہ اٹھانے کے لیے اپنے متعلقہ علاقائی دفاتر سے مجوزہ فارم حاصل کر کے مقررہ تاریخ کے اندر جمع کروائیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے علاقائی دفاتر سے رابطہ کریں۔

# 9- معلومات حاصل کرنے کے لیے فون نمبرز اور پتے

(راولپنڈی/اسلام آباد سے باہر کے طلباء وطالبات درج ذیل ٹیلی فون نمبرز سے پہلے سٹی کوڈ 051 ضرور ڈائل کریں)۔

## برائے داخلہ

### بیچلرز پروگرامز:

Phone: 9057410, 9057435, 9057436, 9057437
E.Mail: adms.ba@aiou.edu.pk

---

### انٹر میڈیٹ پروگرامز:

Phone: 9057432, 9057438
E.Mail: adms.hssc@aiou.edu.pk

---

### میٹرک پروگرامز

Phone: 9057431, 9057433
E.Mail: adms.ssc@aiou.edu.pk

---

### جنرل معلومات :

Phone: 9057151 Fax: 9250162
E.Mail: adms.hssc@aiou.edu.pk

شعبہ داخلہ، بلاک نمبر 4، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H-8، اسلام آباد

## برائے حصول کتب:

Phone: 9057282, 9057612, 9057611, 9250185
E.Mail: mailing@aiou.edu.pk

شعبہ ترسیل کتب، بلاک نمبر 28، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H-8، اسلام آباد

## برائے ڈیٹ شیٹ، رول نمبر سلپ اور رزلٹ

**بیچلرز پروگرامز:** Phone: 9057318

---

**انٹر میڈیٹ پروگرامز:** Phone: 9057308

---

**میٹرک پروگرامز:** Phone: 9057320

---

**سرٹیفکیٹ/ڈگری:** Phone: 90573

شعبہ امتحانات،، بلاک نمبر 3، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، H-8، اسلام آباد

ہیلپ لائن: (051) 111-112-468 آن لائن معلومات حاصل کرنے کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ **www.aiou.edu.pk**

# ریجنل کوارڈینیٹرز کے پتہ جات

## صوبہ پنجاب

1- محترمہ رضیہ سلطانہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پرنسپل، گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول، لالیاں۔

2- جناب نجف عباس، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس، گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول بھوانہ۔

3- جناب طارق مجید، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، گورنمنٹ اسلامیہ کالج، چنیوٹ۔

4- محترمہ عابدہ پروین مقبول، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول، واسو آستانہ، 18 ہزاری

5- محترمہ فہیم اختر، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس، گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول، احمد پور سیال۔

6- جناب محمد شریف، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی (ریٹائرڈ) وارڈ نمبر 16 گلی نمبر 4، نواں شہر، شورکوٹ سٹی۔

7- جناب ارشد سعید احمد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ایس، گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول، کلرکہار، چکوال۔

8- جناب ظفر علی خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، چیف ایگزیکٹو، زید ماڈل گرلز ہائی سکول لاوا، ضلع چکوال۔

9- مس رخسانہ رضا شاہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سینئر ہیڈ مسٹریس، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول نمبر 2، تلہ گنگ۔

10- جناب محمد صدیق اعوان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول بشارت، چوآ سیدن شاہ۔

11- جناب وقار احمد قاضی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ، ایم سی، ہائیر سیکنڈری سکول، گجر خان۔

12- جناب صبیر احمد عباسی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، گورنمنٹ کالج، جھیکا گلی، مری۔

13- ڈاکٹر محمد انور، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھابرا، واہ کینٹ۔

14- جناب اظہار الحق، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ اسلامیہ ہائر سیکنڈری سکول نمبر 1، مری روڈ، راولپنڈی

15- سید ضمیر حسین شاہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ایس، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول، نارا، کہوٹہ۔

16- جناب مظہر اقبال، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ایس گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول، چوآ خالصہ کلر سیداں۔

17- مسز نسرین فہیم، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ مسٹریس، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول، کوٹلی ستیاں۔

18- جناب محمد صدیق، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر (ریٹائرڈ) چک نمبر 298 گ ب، گوجرہ۔

19- جناب عبدالرزاق، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ڈپٹی ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 پیرمحل

20- جناب عبدالغفور زاہد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سینئر ہیڈ ماسٹر (ر) ہاؤس نمبر 111، مدینہ کالونی، پیر شاہ، کمالیہ۔

21- چوہدری محمد سرور، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل (ر) رضوان سرجیکل ہسپتال، بہاولپور روڈ، حاصل پور۔

22- جناب محمد اسلم، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، ہاؤس نمبر 552، خادم آباد کالونی، بہاول نگر۔

23- جناب ظفر محمود خاکوانی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ڈپٹی ہیڈ ماسٹر (ر) المحمود میڈیکل سٹور، کچہری روڈ، احمد پور ایسٹ

24- جناب محمد ارشد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول، 207/ مراد، چشتیاں

25- جناب محمد نعیم قیصر، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول گگن ہٹہ، لودھراں۔

26- چوہدری محمد اشرف، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سٹریٹ نمبر 10، محلّہ مشن کمپونڈ، جمعدار روڈ، گجرات۔

27- جناب ارشد محمود شاہد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج، سرائے عالمگیر۔

28- جناب شاہد حسین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول، 505، EB، بورے والا

29- جناب محمد رفیق، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سینئر ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول، ملیسی۔

30- جناب امیر محمد جویہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سینئر ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول، کلورکوٹ، بھکر۔

31- سید مختار حسین بخاری، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ کالج بھکر۔

32- محمد سلیمان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ایلمنٹری سکول کوٹ چندنہ، تحصیل عیسیٰ خیل۔

33- جناب محمد عمران، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، گورنمنٹ ڈگری کالج، لیاقت آباد، تحصیل پپلاں۔

34- جناب فیض الحسن خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی (ریٹائرڈ) نزد جامع مسجد فردوس، دریا خان،

35- جناب اختر حسین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول حیدر آباد، تحصیل منکیرا۔

## صوبہ سندھ

1- جناب نصر اللہ چنا، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، (ریٹائرڈ) ایچ ایس ٹی، B-19، گاؤں خان پور مہر، تحصیل خان گڑھ، گھوٹکی۔

2- جناب خیر محمد ملک، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، HST-18، گورنمنٹ ہائی سکول، کندکوٹ، ضلع کشمور۔

3- جناب خالد ندیم، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، HST، گورنمنٹ ہائی سکول سانگھڑ۔

4- جناب غلام اصغر بریرو، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ADEO,SPE، میل، مورو۔

5- جناب نثار احمد سہتو، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، HST، گورنمنٹ ہائی سکول، سیہون شریف۔

6- جناب محمد عباس، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، HST، گورنمنٹ مسلم ہائی سکول، نواب شاہ۔

7- جناب عبدالرزاق بابر، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، HST، گورنمنٹ ہائی سکول، خیر پور ناتھن شاہ

8- جناب عبدالحمید چنا، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، HST، گورنمنٹ ہائی سکول، کندیارو۔

9- جناب میر الدین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول لال جو ریو

خان شمبانی، تحصیل صالح پت، ضلع سکھر۔

10- جناب نور حسین سولنگی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر، گورنمنٹ ہائی سکول پاپڑی، تحصیل سوبھودیرو، ضلع خیرپورمیرس۔

11- جناب محمد صدیق سولنگی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، (ریٹائرڈ)HST، گاؤں محمد ارب سولنگی،، تحصیل کوٹ ڈیجی، ضلع خیرپورمیرس۔

12- پیر غلام محی الدین شاہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ڈپٹی ڈایریکٹر ایجوکیشن، ایلمنٹر ی، سیکنڈری اینڈ ہائرسیکنڈری، میرپورخاص۔

13- جناب عمران بخش سومورو، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایچ ایس ایس گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول کشمور۔

## صوبہ خیبر پختونخواہ

1۔ جناب جوہر علی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول، مصری بانڈہ نوشہرہ۔

2- جناب حیات اللہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول، چارسدہ خاص، ضلع چارسدہ۔

3- جناب علی حیدر ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ADO آفس آف EDO ایجوکیشن، دیرلوئر، تمرگرا۔

4- جناب نور حبیب، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، (ADO ریٹائرڈ)، معرفت گلاب سٹیشنری، نزد الائیڈ بینک، مین بازار، ضلع بٹگرام۔

5- جناب سجاد عزیز، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس گورنمنٹ سینٹینل ماڈل ہائر سیکنڈری سکول نمبر 1، ہری پور۔

6- جناب محمد پرویز، ریجنل کوآرڈینیر (برائے بالاکوٹ)، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، سبجیکٹ سپیشلسٹ، گورنمنٹ ہائرسیکنڈری سکول نمبر 1، مانسہرہ۔

7- جناب محمد شاکر قریشی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اے۔ایس۔ڈی۔ای۔او، گاؤں ڈاکخانہ غازی، ضلع ہری پور۔

8- جناب خورشید خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائی سکول، تخت بھائی۔

9- جناب غذاباچہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ADEO آفس صوابی۔

10- جناب اقبال بادشاہ ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ کمرشل ماڈل ہائی سکول نمبر 1، لکی مروت۔

11- جناب اللہ نواز، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل (ریٹائرڈ) محلّہ میدان، گلی قبروالی، ٹانک۔

12- جناب ظہور اللہ خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائی سکول بوظل خیل، بنوں۔

13- جناب ظفر علی خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول، کولیکا، (تحصیل اُگی)، ضلع مانسہرہ۔

14- جناب جہانزیب شاہ ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول، جگن ناتھ، صوابی

15- جناب واجد علی شاہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی،، ایس ایس گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول، ڈھوڈل، مانسہرہ۔

16 جناب ابرار حسین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1، حویلیاں۔

17- جناب محمد ایاز خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، (پوران شانگلہ) لیکچرر، گورنمنٹ ڈگری کالج پوران شانگلہ۔

18- جناب ولی داد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اے ڈی او، سکول اینڈ لٹریسی، داسو، کوہستان۔

19- جناب محمد توفیق خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل (ریٹائرڈ) محتاب خورشید میموریل سکول کوٹھہ تحصیل ٹوپی۔

20- جناب گوہر خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنسپل، گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 2، جمرود، خیبر ایجنسی۔

21- جناب انعام اللہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، گورنمنٹ ڈگری کالج لاکرو، ممند ایجنسی۔

22- جناب غلام واحد، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ مڈل سکول انکر، دیراپر۔

23- جناب فیض علی خان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، گورنمنٹ ہائی سکول سگبند، مٹہ۔

24- جناب محمد عارف، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، گورنمنٹ مڈل ہائی سکول داگے، تحصیل کبل۔

## بلوچستان

1- جناب علاؤالدین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول بھائی محلّہ، ڈیرہ اللہ یار، جعفر آباد۔

2- جناب عبدالنبی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول، صحبت پور۔

3- جناب عبدالحمید، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی (جی)، گورنمنٹ ہائی سکول ریلوے کالونی، سبی۔

4- جناب محمد اقبال، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی (ریٹائرڈ) کچھی پبلک سکول ڈھاڈر (بولان)۔

5- جناب غلام سرور، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول جھل مگسی۔

6- جناب احمد علی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی (جی)، گورنمنٹ ہائی سکول، ہرنائی۔

## گلگت بلتستان

1- جناب غلام مصطفیٰ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ٹی جی ٹی، ایف جی، بوائز ہائی سکول نگرI۔

2- جناب منظور حسین شاہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول گلمٹ، نگرII۔

3- سید شمس الدین، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ٹی جی ٹی، گورنمنٹ، بوائز ہائی سکول دنیور۔

4- جناب مراد بیگ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ٹی جی ٹی، گورنمنٹ، بوائز ہائی سکول جندروٹ، گپس، غذر۔

5- جناب مہر جان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول سنگل پنیال، غذر۔

6- جناب شیر عالم، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول، تھوئی یاسین غذر۔

7- جناب اختر جان، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول، داموٹ سائی۔

8- جناب محمد ناظم، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسسٹنٹ پروفیسر، ایف جی انٹر کالج استور

9- جناب فضل الرحمٰن، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، لیکچرار، ایف جی ڈگری کالج چلاس۔

10- جناب احمد رضا، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ٹی جی ٹی، ایف جی، بوائز ہائی سکول چلت، نگرII۔

11- جناب نبی علی، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ٹی جی ٹی، ایف جی، بوائز ہائی سکول گلمٹ، گوجل ضلع ہنزہ نگر۔

12- جناب محفوظ اللہ، ریجنل کوآرڈینیٹر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، ایس ایس ٹی، گورنمنٹ ہائی سکول داریل

# درخشاں مستقبل روزگار حاصل کرنے اور آمدنی میں اضافے کے لیے ٹیکنیکل (فنی) کورسز میں داخلے کا اجراء

پاکستان ایک ترقی پذیر ملک ہے جہاں لوگوں کی بڑی تعداد اپنی مجبوریوں کی وجہ سے رسمی تعلیم اور فنی تعلیم حاصل کرنے سے محروم ہیں۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے ایسے افراد کو فاصلاتی نظام تعلیم کے ذریعے تعلیمی سہولیات فراہم کرنے اور فنی تعلیم کو حاصل کرنے کا تہیہ کررکھا ہے۔ سائنسی اور ٹیکنیکل انقلابات کی بدولت ہماری روزمرہ زندگی آرام دہ ہوتی جارہی ہے اور زندگی پر بے پناہ اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ آج کے ترقی یافتہ اور تیز رفتار دور میں فنی تعلیم حاصل کرنا ضروری ہوگیا ہے۔

ترقی کے اس دور میں سائنس کے ہر شعبہ میں بے پناہ ترقی ہورہی ہے۔ جن میں برقیات (بجلی، الیکٹرانکس اور کمپیوٹر) اور آٹو موبائل سیکٹر کا کردار نمایاں نظر آتا ہے۔

موجودہ دور میں باربرداری (Transport) کی بہت اہمیت ہے۔ چونکہ دن بدن موٹر گاڑیوں کی تعداد بڑی تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے اور موٹر گاڑیوں میں نئی ٹیکنالوجی متعارف ہورہی ہے۔ اس لیے ضرورت اس بات کی ہے کہ ایسے حضرات جو موٹر مکینک کا پیشہ اختیار کرنا چاہتے ہوں یا موٹر گاڑیوں کی ورکشاپ کھولنا چاہتے ہوں باقاعدہ عملی تربیت حاصل کریں تاکہ سروسنگ و مرمت کے صحیح طریقہ کو اچھی طرح سمجھ سکیں اور معمول کے مطابق سروس اور مرمت خود کرسکیں۔

برقیات (بجلی اور الیکٹرانکس) اور موٹر گاڑیوں کا استعمال ہماری زندگیوں پر چھایا ہوا ہے اس لیے آج کے دور کو برقیات کا زمانہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ سائنسی انکشافات اور ٹیکنالوجی کی ایجادات نے جدید دنیا پر غیر معمولی اثرات چھوڑے ہیں جس نے قوموں کے معاشرتی حالات کو بدل کر رکھ دیا ہے۔ ریڈیو، ٹی وی، کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور آٹو موبائل نے دنیا کے مختلف ممالک کے درمیان فاصلوں کو ختم کرکے ایک دوسرے کے قریب کردیا ہے۔

موجودہ دور میں جدید ٹیکنالوجی کی معلومات اور عملی تربیت بہت اہمیت رکھتی ہے وہ قوم اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتی جب تک سائنس اور ٹیکنالوجی کے حصول کو زندگی کا حصہ نہیں بناتی۔ علاوہ ازیں بجلی کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ بجلی اس وقت توانائی حاصل کرنے کا اہم ذریعہ ہے اور مختلف کاموں میں استعمال ہوتی ہے۔ بجلی کو گھروں اور کارخانوں میں مختلف جگہوں تک پہنچانے کے لیے مختلف قسم کی وائرنگ استعمال ہوتی ہے۔ برقی آلات کو سمجھنا، دیکھ بھال اور مناسب مرمت میں مہارت حاصل کرنے کے لیے ہنرمند افراد کو پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت مہیا کرنا ضروری ہے اس مقصد کے لیے علامہ اقبال یونیورسٹی فنی تعلیم کو عام کرنے کے لیے ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل کورسز میں داخلے کا اجراء کررہی ہے۔ آپ بھی ان کورسز میں داخلہ لے کر اپنا مستقبل بہتر بنا سکتے ہیں۔ ان فنی کورسز میں داخلے کے بارے میں تفصیلی معلومات یونیورسٹی کے میٹرک، ایف اے اور بی اے کے پراسپیکٹس میں مہیا کی گئی ہیں۔ صرف ٹیکنیکل کورسز کی معلومات کے لیے رابطہ کریں۔

ڈیپارٹمنٹ آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# طلبہ کے لیے سمعی و بصری معاونت

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا قیام 1974 میں پارلیمنٹ آف پاکستان کے ایکٹ کے ذریعے ملک کے طول وعرض میں عوام الناس کو تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے لیے عمل میں لایا گیا۔اس نظام کے تحت طلبہ کو گھر بیٹھے درسی مواد کی ترسیل کے ساتھ ساتھ ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے تعلیمی نشریات کے ذریعے تدریسی عمل میں اس طرح سے معاونت فراہم کرنا تھا کہ فی المشافہ استاد کی کمی کو پورا کیا جاسکے۔

انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل ٹیکنالوجی (IET) کا قیام بھی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے قیام کے مقاصد اور طریقہ تدریس کے پیش نظر ساتھ ہی کیا گیا۔IET کے قیام کا مقصد آڈیو اور ویڈیو پروگرامز کے ذریعے تعلیم کی رسائی کو دور دراز علاقوں تک ممکن بنانا تھا۔چونکہ علامہ اقبال یونیورسٹی اپنے فاصلاتی تدریس کے تحت عوام کو ان کی دہلیز پر تعلیم مہیا کر رہی ہے۔لہٰذا طلبہ اور اساتذہ کے درمیان فاصلے کو کم کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آڈیو اور ویڈیو پروگرامز کے ذریعے طلبہ تک پہنچایا جائے۔ ان پروگراموں کے ذریعے درسی کتب میں موجود اہم نکات کی وضاحت کے علاوہ طلباء کو اضافی معلومات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔ انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل ٹیکنالوجی میں ماہرین کے ذریعے آڈیو اور ویڈیو پروگرامز تیار کیے جاتے ہیں۔یہ پروگرامز پی ٹی وی نیشنل اور AIOU Web TV (http://iet.aiou.edu.pk) سے روزانہ دن 2 تا 3 بجے سہ پہر نشر کیے جاتے ہیں۔

اسی طرح ریڈیو پروگرامز ریڈیو پاکستان اسلام آباد، حیدر آباد، کراچی، لاہور، گلگت اسٹیشنوں اور AIOU FM Radio سے شام 5:15 پر بھی نشر کئے جاتے ہیں۔طلباء کو چاہیے کہ وہ ان ریڈیو اور ٹیلی ویژن پروگراموں سے بھی استفادہ کریں۔طلبہ کو ریڈیو اور ٹی وی کا شیڈول بھی درسی کتب کے ساتھ بھیجا جاتا ہے،اسے ضرور پڑھیں اور متعلقہ پروگرامز کو نوٹ بھی کر لیں۔آپ یہ ٹی وی پروگرامز ہماری ویب سائٹ http/iet.aiou.edu.pk پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

کورسز کی مد میں تیار کئے گئے ان تعلیمی پروگراموں کی CDs بھی قیمتاً دستیاب ہیں۔ایک سی ڈی کی خریداری کے لئے -/45 روپے کا بنک ڈرافٹ یا بنک چالان، بنام خازن علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد بنوا کر انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل ٹیکنالوجی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے پتے سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔بذریعہ ڈاک منگوانے کی صورت میں سی ڈی کے لیے -/25 روپے اضافی وصول کئے جاتے ہیں۔

## ایف ایم 91.6 (The voice of AIOU)

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے اپنی تعلیمی نشریات کے لئے 2007 میں Voice of AIOU FM 91.6 کے نام سے ایف ایم ریڈیو کا آغاز کیا۔آپ AIOU FM Radio کی نشریات صبح 9 بجے سے رات 12:00 بجے تک مقرر کردہ فریکوئینسی 91.6 پر سن سکتے ہیں اور اس کے علاوہ ہماری ویب سائٹ http://iet.aiou.edu.pk پر بھی live سن سکتے ہیں ہماری live نشریات میں شامل ہونے کے لیے 051-9057508 پر Call بھی کر سکتے ہیں۔ایف ایم 91.6 کی تعلیمی نشریات میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے تعلیمی پروگرامز کے علاوہ معلوماتی پروگرامز، انٹرویوز، مباحثے اور عمومی آ گاہی کے پروگرامز بھی پیش کیے جاتے ہیں۔ان پروگرامز کا مقصد طلبہ کو دیئے گئے درسی مواد میں مدد فراہم کرنا ہے۔

## AIOU web TV

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے اپنے کورسز کی معاونت میں تیار کردہ ٹی وی پراگراموں، دستاویزی پروگراموں کو اپنے طلبہ وطالبات تک پہنچانے کے لیے حال ہی میں ایک Web TV کا اجراء کیا ہے جس کی نشریات صبح 9:00 بجے سے شام 6:00 بجے تک http://iet.aiou.edu.pk پر روزانہ دیکھی جاسکتی ہیں۔ Web TV پر یونیورسٹی کے متعلق پروگراموں کے علاوہ دلچسپ دستاویزی پروگرامز اور یونیورسٹی کے متعلق مفید معلومات پر مبنی پروگرامز بھی پیش کئے جاتے ہیں۔

## Video on Demand

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے تمام سطح کے تعلیمی پروگرامز اور کورسز کی معاونت میں تیار کردہ ٹی وی پروگرامز اور اہم دستاویزی پروگرامز دیکھنے کے لئے ویب ایڈریس http://vod.aiou.edu.pk پر وزٹ کر کے استفادہ کر سکتے ہیں۔اِن تمام سہولیات کا مقصد یونیورسٹی کے طلبہ اور طالبات کو اپنی تعلیمی استعداد بڑھانے کے لئے ہمہ وقت مدد فراہم کرنا ہے۔آپ کی طرف سے ان پروگرامز اور سہولیات کے بارے میں آپ کی آراء کو خوش آمدید کہا جائے گا۔


مختیار حسین تالپور

**ڈائریکٹر، انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشنل ٹیکنالوجی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد**

Email:diriet@aiou.edu.pk ،Ph:051-9250103,9057502